DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 23.09.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | کسی بھی قوم کا کلچر اجتماعی یاداشت ہونے کے ناطے ہزاروں سال پر محیط ہے، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | سوشل میڈیا پر پھیلنے والے منفی پروپیگنڈے کا تدارک کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | پاکستان ایک ناقابل تسخیر قوت ہے، مینا مجید بلوچ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | محکمہ صحت میں اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بارکھان کے عوام نے ہمیشہ جمہوری اقدار کو فروغ دیا، سردار کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی سوچ نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، صادق عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان اور بقاء کی ضمانت ہے، بابا غلام رسول عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | طارق مگسی کی فیروز لہڑی کی وفات پر تعزیت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات بڑا چیلنج ہیں، نسیم الرحمان ملاخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلاول بے نظیر بھٹو شہید کے مشن کو آگے بڑھا رہے ہیں، فیصل خان جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلاول بھٹو کی قیادت میں ترقی کا سفر جاری رہے گا، سردار کوہیار ڈومکی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان کی ترقی درحقیقت پاکستان کی ترقی ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | صوبے بھر میں اینٹی سروائیکل مہم 2027 میں شروع کی جائے گی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان میں پانچ ارب سرمایہ کاری کا منصوبہ آج ایم او یو پر دستخط ہونگے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | واٹر پالیسی کی منظوری کے بعد صوبے بھر میں نئے ٹیوب ویلوں کی ڈرلنگ پر پابندی عائد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ایرانی پیٹرول وڈیزل اور اسمگل شدہ اشیاء کی روک تھام کی جائے، وفاق کا بلوچستان حکومت کو خط | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | لورالائی کے مختلف علاقوں میں کاشت پوست کی فصل تلف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | گوادر سی پیک منصوبے کے تحت 50 گریجویٹس کی ٹریننگ مکمل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | غیر رجسٹرڈ افغانوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، حکومت بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | بلوچستان ہائی کورٹ افغان مہاجرین کی انخلاء سے متعلق درخواست سماعت کیلئے منظور | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 22 | کیچ کلچرل فیسٹیول کی تیاریاں عروج پر انتظامی اجلاس میں اہم فیصلے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 23 | کلچر ڈے کے موقع پر پشتو اکیڈمی کوئٹہ میں تقریب آج ہوگی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 24 | صوبے میں کرپشن لوٹ مار اور اقرباپروری کا بازار گرم ہے، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 25 | مائنز اینڈ منرل ایکٹ صوبائی خودمختاری کے منافی منسوخ کیا جائے، آل پارٹیز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 26 | پرامن علاقوں میں حالات خراب لوگ قتل ہو رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان | مشرق ودیگر اخبارات |
| 27 | اسسٹنٹ کمشنر زیارت اور ان کے بیٹے کا قتل ناقابل برداشت ہے، ایم پی اے | مشرق ودیگر اخبارات |

CS CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

## امن وامان:

کراچی سے لاپتہ ہونے والا تربت کا رہائشی بازیاب ،قلعہ عبداللہ لیویز نے مسروقہ موٹرسائیکل برآمد کرلی ایک شخص گرفتار ،ڈیرہ مراد جمالی چوروں کی فائرنگ سے گھر کا سربراہ جاں بحق ،مسلم باغ نامعلوم افراد دو جیولرز سے ساڑھے سات کلو سونا چھین کر فرار ،نوشکی میں چنگ چی رکشہ چھین لیا گیا ،قلات سوراب سے چوری کی گئی گاڑی برآمد ،ملزم گرفتار ،

## عوامی مسائل:

نوشکی ماڈل اسکول کی ڈسپنسری بحال کرنے کا مطالبہ ،کوئٹہ میں موسم کے کروٹ بدلتے ہی شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا ،کانسی روڈ پر بڑے نالوں کی تعمیر شہریوں کیلئے وبال جاں بن گئی

**مورخہ 23.09.2025**

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**ریکوڈک منصوبہ ملک اور بلوچستان کیلئے معاشی گیم چینجر** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی ) نے ریکوڈک منصوبے کے حتمی معاہدات اور مالی ذمہ داریوں کی منظوری دیتے ہوئے منصوبے کی مجموعی لاگت میں 14 فیصد اضافے کے بعد پہلے مرحلے میں فیز ون کیلئے 7.723 بلین امریکی ڈالر کی منظوری دی جبکہ پہلے تخمینہ 6.765 بلین ڈالر تھا ای سی سی کے اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر برائے خزانہ اور ریونیو محمد اورنگزیب نے کی اجلاس میں پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے پیش کی گئی سمری پر غور کیا گیا جس میں ریکوڈک منصوبے کی مالی اعانت اور حتمی معاہدات کے مجوزہ حتمی شرائط کی منظوری دی اور ہدایت کی کہ اگر حتمی نفاذ کے دوران قانونی یا مالی مشیروں کی طرف سے کوئی اہم تبدیلی سامنے آئے تو اسے دوبارہ ای سی سی کے سامنے پیش کیا جائے گا مارچ 2025ء میں ای سی سی کے فیصلے کے مطابق منصوبے کے تمام فریقین مختلف اقدامات مکمل کرنے اور معاہدات کی شرائط کو حتمی شکل دینے میں مصروف تھے ابتدائی سمری میں ای سی سی کو پہلے مرحلے کے مجموعی منصوبہ لاگت کا تخمینہ 6.765 بلین ڈالر بتایا گیا تھا جس میں کیپیکس 5.566 بلین ڈالر اور قرض اور تعمیراتی مہنگائی کیلئے 1.199 بلین ڈالر شامل تھے اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ منصوبے کی مالی اعانت کیلئے متعلقہ قرض دہندگان کیساتھ مذاکرات جاری ہیں اور طویل مدتی معاہدات کے تحت شرائط طے جاری ہیں جو حتمی معاہدات کی بنیاد بنیں گی۔

## اداریے :

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان کے نوجوان تعلیم یافتہ اور ہنر مند بن کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Establishment of Libraries" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضمون:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **چیف آف شمبانی وڈیرہ غلام نبی شمبانی بگٹی ،عظمت کا آسمان** "کے عنوان سے عابد بگٹی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 23 SEP 2025 Page No. 1


## پشتون کلچر ڈے اجتماعیت اور اپنائیت کا احساس دلاتا ہے، گورنر مندوخیل

**اقدار، تجربات اور تاریخ ہماری مشترکہ شناخت اور مستقبل کی بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے، پیغام**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ دن ہمیں اجتماعیت اور اپنائیت کا احساس دلاتا ہے، کلچر ایک قوم کی اجتماعی یادداشت ہونے کے ناطے، ہزاروں سالوں پر محیط ہے۔ اقدار، تجربات اور تاریخ، جو ہماری مشترکہ شناخت اور مستقبل کی پیشرفت کی بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے، کلچر وہ دھاگہ ہے جو ہمارے ماضی، حال اور مستقبل کو ایک ساتھ باندھتا ہے۔ کلچر کا اپنا ایک تاریخی پس منظر بھی ہے اور کلچر کی جڑیں ایگریکلچر میں ہی پیوست ہیں جو لاطینی زبان کی اصطلاح کلتور کے نام سے معروف و مقبول ہے، انسان نے اپنی بود و باش کو ہر مرحلے پر ترقی دی اور کلچر سے سیویلائزیشن تک کا سفر کامیابی سے طے کیا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ پشتون قوم کی تاریخ ہزاروں سال کی قدامت رکھتی ہے اور پشتون زبان دنیا کی چالیس بڑی زبانوں میں شامل ہے، آج بھی پشتون قوم دلکش روایتی ملبوسات، ذائقہ دار کھانوں، ثقافتی رقص، جرگہ نظام، بشردوستی اور مہمان نوازی کی شاندار اقدار و روایات کا امین ہے، ہماری روایات میں شملہ کے ساتھ ساتھ شال کا وقار و تعظیم بھی لازم ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## کسی بھی قوم کا کلچر اجتماعی یادداشت ہونے کے ناطے ہزاروں سال پر محیط ہے، جعفر مندوخیل

**اقدار، تجربات اور تاریخ ہماری مشترکہ شناخت اور مستقبل کی پیشرفت کی بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے، گورنر بلوچستان**

**انسان نے اپنی بدو باش کو ہر مرحلے پر ترقی دی اور کلچر سے سیویلائزیشن تک کا سفر کامیابی سے طے کیا جا رہا ہے**

**ہماری ثقافت ہمیں اجتماعیت اور اپنائیت کا احساس دلاتی ہے، گورنر کا پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یہ دن ہمیں اجتماعیت اور اپنائیت کا احساس دلاتا ہے۔ کلچر ایک قوم کی اجتماعی یادداشت ہونے کے ناطے، ہزاروں سالوں پر محیط ہے۔ اقدار، تجربات اور تاریخ، جو ہماری مشترکہ شناخت اور مستقبل کی پیشرفت کی بنیاد کے طور پر کام کرتی ہے۔ کلچر وہ دھاگہ ہے جو ہمارے ماضی، حال اور مستقبل کو ایک ساتھ باندھتا ہے۔ کلچر کا اپنا ایک تاریخی پس منظر بھی ہے اور کلچر کی جڑیں ایگریکلچر میں ہی پیوست ہیں جو لاطینی زبان کی اصطلاح کلتور کے .........

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

نام سے معروف و مقبول ہے۔ انسان نے اپنی بدو باش کو ہر مرحلے پر ترقی دی اور کلچر سے سیویلائزیشن تک کا سفر کامیابی سے طے کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم کی تاریخ ہزاروں سال کی قدامت رکھتی ہے اور پشتون زبان دنیا کی چالیس بڑی زبانوں میں شامل ہے۔ آج بھی پشتون قوم دلکش روایتی ملبوسات، ذائقہ دار کھانوں، ثقافتی رقص، جرگہ نظام، بشردوستی اور مہمانوازی کی شاندار اقدار و روایات کا امین ہے۔ ہماری روایات میں شملہ کے ساتھ ساتھ شال کا وقار و تعظیم بھی لازم ہے کیونکہ شال پشتون معاشرہ کی نصف آبادی کی نمائندگی کرتا ہے لہٰذا شال اور شملہ اپنی مشترکہ کاوشوں سے ہی نئی منازل طے کر سکتے ہیں۔

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 | منگل 29 ربیع الاول 1447ھ 23 ستمبر 2025ء | نمبر 260


نوجوانوں کو گمراہ کیا جارہا ہے

# سوشل میڈیا پر پھیلنے والے منفی پروپیگنڈے کا تدارک کرنا ہوگا

وزیراعلیٰ بگٹی

محرومیوں کو بنیاد بنا کر بندوق اٹھانا قابل قبول نہیں، بات چیت کیلئے تیار ہیں مگر بیگناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون سے نہیں بچ سکیں گے

غیر ضروری اسامیاں ختم کر رہے ہیں، سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا، طلباء سے بات چیت، افسران سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی


باقی صفحہ 6 نمبر 55

نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جاسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں، انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کیونکہ کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں، اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جاچکے ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز

باقی صفحہ 6 نمبر 56

اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے تمام علاقوں کے افسران تربیت حاصل کریں گے اور وہ دن ہمارے خواب کی مکمل تعبیر ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکریٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ عبدالمجید بادینی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل آغا، بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی سمیت مختلف محکموں کے انتظامی سیکریٹریز اور ریٹائرڈ افسران بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے زیر تربیت افسران کو میرٹ پر انتخاب اور اپنے ہی صوبے میں سول سروس کی تربیت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک وقت میں ایک ننھا پودا تھا جو آج تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے انہوں نے کہا کہ اس اکیڈمی کو پاکستان کا منفرد اور اعلیٰ معیار کا ادارہ بنایا جائے گا جہاں ملک بھر سے افسران تربیت حاصل کرنے کو باعث فخر سمجھیں گے انہوں نے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ادارے سے تربیت مکمل کرنے کے بعد جب آپ دفاتر جوائن کریں گے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت افسران سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کی نئی عمارت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات سے بات چیت کر رہے ہیں



بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھی موجود ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 54 | منگل 29 ربیع الاول 1447ھ 23 ستمبر 2025 | صفحات 08 | شمارہ 78

رجسٹرڈ BC-m-11 | Email: mashriqsta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

غیر متوازن ترقی پورے ملک کا مسئلہ ہے

# محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کیخلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں، وزیراعلیٰ

نوجوان ہمارا مستقبل، انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں، سوشل میڈیا پر پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے، تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے، ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم ......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کیے جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے۔ نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے۔ کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں۔ صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جا سکے۔

## بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور کے پی سمیت ملک بھر سے کے افسران تربیت حاصل کریں گے، زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے تمام علاقوں کے افسران تربیت حاصل کریں گے اور وہ دن ہمارے خواب کی عملی تعبیر ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں ... بقیہ صفحہ نمبر 7 پر

نے پیر کے روز بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ عبدالمجید بادینی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سہیل آغا، بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی سمیت مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زیر تربیت افسران کو میرٹ پر انتخاب اور اپنے ہی صوبے میں سول سروس کی تربیت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک وقت میں ایک خواب تھا جو آج تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ اس اکیڈمی کو پاکستان کا منفرد اور اعلیٰ معیار کا ادارہ بنایا جائے گا جہاں ملک بھر سے افسران تربیت حاصل کرنے کو باعث فخر سمجھیں گے۔ انہوں نے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ادارے سے تربیت مکمل کرنے کے بعد جب آپ دفاتر جوائن کریں گے تو آپ کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جائیں گی، آپ کو خود کو صرف افسر نہیں بلکہ عوام کا خدمتگار اور رہنما سمجھ کر پاکستان اور خصوصاً بلوچستان کے لیے پوری نیک نیتی اور لگن کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایک شاندار مستقبل آپ سب کا منتظر ہے تاہم حقیقی کامیابی عوام کی خدمت سے ہی جڑی ہوئی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپ سب کا انتخاب میرٹ پر ہوا ہے، لہٰذا آپ سے توقعات بھی بہت زیادہ ہیں۔ آپ نے بلوچستان کے عام شہری کے لیے کام کرنا ہے، وہ عام آدمی جو سخت سردیوں میں ٹھٹھرتا ہے اور گرمیوں میں جھلستا ہے۔ سول سروس میں تقرری، تعیناتی اور ترقی معمول کی بات ہے لیکن معاشرہ ہمیشہ ان افسران کو یاد رکھتا ہے جو کچھ منفرد اور یادگار کام سرانجام دیتے ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ پاکستان اور محروم طبقے کی خدمت کو اپنی پہچان بنائیں۔ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کی ترقی کے لیے وسائل کی فراہمی کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ جس طرح دیگر شعبوں کے لیے وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں اسی طرح اس اکیڈمی کی ضروریات اور بہتری کے لیے بھی بلا جھجک وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرا خواب ہے کہ یہ ادارہ اتنا معیاری اور مثالی بنے کہ ملک کے تمام صوبوں کے افسران یہاں تربیت حاصل کرنا اعزاز سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہاں آپ کی خدمت اور رہنمائی کے لیے موجود ہیں، لہٰذا آپ بھی اپنی توانائیاں عوامی خدمت کے لیے وقف کریں۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے نئے تدریسی و

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 4



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات کا گروپ فوٹو

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL OF PU
RELATIONS BALOC

نظامت اعلیٰ تعلق
حکومت بلو

Bullet No. ۱

Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ
سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 279 | منگل، 29 ربیع الاول، 23 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# سوشل میڈیا کا منفی پروپیگنڈا نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے، وزیراعلیٰ

## بات چیت کیلئے ہمیشہ تیار مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے، طلباء سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

رہا ہے ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے یکجہتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈا نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاست دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اس لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جا سکے۔

## سول سروس اکیڈمی کو ملک کا ممتاز ادارہ بنائینگے، زیر تربیت افسران کو انتخاب پر مبارکباد، زیر تربیت افسران سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے تمام علاقوں کے افسران تربیت حاصل کریں گے اور وہ دن ہمارے خواب کی عملی تعبیر ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ عبدالمجید بادینی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل آغا، بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی سمیت مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اور ریٹائرڈ افسران بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے زیر تربیت افسران کو میرٹ پر انتخاب اور اپنے ہی صوبے میں سول سروس کی تربیت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک وقت میں ایک ننھا پودا تھا جو آج تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ اس اکیڈمی کو پاکستان کا منفرد اور اعلیٰ معیار کا ادارہ بنایا جائے گا جہاں ملک بھر سے افسران تربیت حاصل کرنے کو باعث فخر سمجھیں گے انہوں نے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ادارے سے تربیت مکمل کرنے کے بعد جب آپ دفاتر جوائن کریں گے تو آپ کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جائیں گی آپ کو خود کو صرف افسر نہیں بلکہ عوام کا خدمتگار اور رہنما سمجھ کر پاکستان اور خصوصاً بلوچستان کے لیے پوری نیک نیتی اور لگن کے ساتھ کام کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ایک شاندار مستقبل آپ سب کا منتظر ہے تاہم حقیقی کامیابی عوام کی خدمت سے ہی جڑی ہوتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپ سب کا انتخاب میرٹ پر ہوا ہے، لہٰذا آپ سے توقعات بھی بہت زیادہ ہیں۔ آپ نے بلوچستان کے عام شہری کے لیے کام کرنا ہے، وہ عام آدمی جو سخت سردیوں میں ٹھٹھرتا ہے اور گرمیوں میں جھلستا ہے سول سروس میں تقرری، تعیناتی اور ترقی معمول کی بات ہے لیکن معاشرہ ہمیشہ ان افسران کو یاد رکھتا ہے جو کچھ منفرد اور یادگار کام سرانجام دیتے ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ پاکستان اور محروم طبقے کی خدمت کو اپنی پہچان بنائیں۔ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کی ترقی کے لیے وسائل کی فراہمی کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ جس طرح دیگر شعبوں کے لیے وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں اسی طرح اس اکیڈمی کی ضروریات اور بہتری کے لیے بھی بلا جھجک وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرا خواب ہے کہ یہ ادارہ اتنا معیاری اور مثالی بنے کہ ملک کے تمام صوبوں کے افسران یہاں تربیت حاصل کرنا اعزاز سمجھیں انہوں نے کہا کہ ہم یہاں آپ کی خدمت اور رہنمائی کے لیے موجود ہیں، لہٰذا آپ بھی اپنی توانائیاں عوامی خدمت کے لیے وقف کریں۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے نئے تدریسی و انتظامی بلاک کا بھی افتتاح کیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کا گروپ فوٹو



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کی نئی بلڈنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سپیکر عبدالخالق اچکزئی اور صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ سمیت اعلیٰ حکام شریک ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ اور طالبات سے بات چیت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSIT[AN]

نظامت اعلیٰ تعلق[ات عامہ] حکومت بلو[چستان]

THE DAILY INTEKHAB
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
قیمت 30 روپے ★ صفحات 6
جلد نمبر 32 | منگل 23 ستمبر 2025ء بمطابق 29 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 260

Bullet No. 1

Page No. 6

# نوجوان صوبے کا مستقبل ہیں محرومی کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا قبول نہیں، وزیراعلیٰ

## سوشل میڈیا کا منفی پروپیگنڈا نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے، ریاست دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کیا جائے، پہلا ویمن انڈوومنٹ فنڈ قائم کیا

## غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان نہیں پورے ملک کا مسئلہ ہے، بیگناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے، ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لئے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کئے جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ

بقیہ نمبر 74 صفحہ 5 پر

نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لئے یکسوئی سے کام کر رہے ہیں، سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہئے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاست دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لئے صوبے کا پہلا ویمن انڈوومنٹ فنڈ قائم کیا، کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لئے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری اسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کی نئی بلڈنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 32 | پیر 22 ستمبر 2025ء بمطابق 28 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 259

# سوئی میں لائبریری کا افتتاح کتب دوستی بہترین رہنمائی اور کامیابی کی کنجی ہے

میر سرفراز بگٹی


## کتاب روشنی، شعور اور ترقی کی علامت، مطالعے کا رجحان مثبت سوچ اور بہتر مستقبل کی بنیاد، نوجوان علم کی طاقت سے اپنا مقام بنائیں

## نوجوان غیر مصدقہ ذرائع پر انحصار کی بجائے علم کو ترجیح دیں، علم و تحقیق کے مواقع بڑھائیں گے، وزیراعلیٰ نے لائبریری کیلئے دو سو کتب کا تحفہ دیا

سوئی (ع ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سوئی میں مقامی لائبریری کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے علم و ادب کے فروغ کے لئے لائبریری کو دو سو کتب کا تحفہ بھی پیش کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کتاب روشنی، شعور اور ترقی کی علامت ہے اور مطالعے کا رجحان نوجوان نسل میں مثبت سوچ، بامقصد زندگی اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت تعلیمی اداروں اور لائبریریوں


بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

کے فروغ کو اپنی ترجیحات میں شامل کئے ہوئے ہے تاکہ بلوچستان کے نوجوان علم کی طاقت سے اپنا مقام بنا سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو کتاب سے دوستی کرنی ہوگی کیونکہ یہ بہترین رہنمائی اور کامیابی کی کنجی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ نوجوانوں کو سوشل میڈیا کے غیر مصدقہ ذرائع پر انحصار کرنے کی بجائے کتب سے علم حاصل کرنے کو ترجیح دینی چاہئے تاکہ وہ درست اور معیاری معلومات تک رسائی حاصل کر سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سوئی سمیت بلوچستان کے تمام علاقوں میں علم و تحقیق کے مواقع بڑھانے کے لئے اقدامات جاری رہیں گے۔ اس موقع پر میر آفتاب خان بگٹی، چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی وڈیرہ غلام نبی قیصرانی، چیئرمین میونسپل کمیٹی سوئی عزت امان بگٹی، ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی زوہیب الحسن و دیگر افسران بھی موجود تھے۔



سوئی: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی لائبریری میں کتب کا مطالعہ اور طلبہ سے گفتگو کر رہے ہیں

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان
جلد 29
منگل 23 دسمبر 2025
شمارہ 259



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کی نئی بلڈنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے محرومیوں کو جواز بنا کر بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں، سرفراز بگٹی

کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے نوجوان ہمارا مستقبل ہیں انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں

جوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں، ل کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں، میر سرفراز بگٹی کی طلباء سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جا سکے

## وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا بلوچستان سول سروس اکیڈمی کا دورہ

اکیڈمی کو پاکستان کا نمایاں ادارہ بنائیں گے، افسران عوام کے خادم ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نئے تدریسی و انتظامی بلاک کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ادارے کے عملے، زیر تربیت افسران اور دیگر حکام سے خطاب کرتے ہوئے اکیڈمی کی اہمیت، افسران کے کردار اور صوبے کی ترقی میں ان کے حصے پر زور دیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک ننھے پودے سے تناور درخت بن چکی ہے جو اب پاکستان بھر میں اپنی شناخت بنا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "ہماری خواہش ہے کہ ملک بھر کے افسران یہاں تربیت حاصل کرنے کو اعزاز سمجھیں انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ بلوچستان کا وقار اور پاکستان کا فخر بنے گا اور حکومت اس کی ترقی کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی میر سرفراز بگٹی نے افسران پر زور دیا کہ وہ صرف عہدے دار نہیں بلکہ عوام کے خدمت گزار ہیں انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ہی ان کی اصل پہچان ہے اور ان کا فرض ہے کہ وہ عوامی مسائل کو اولین ترجیح دیں، خاص طور پر بلوچستان کے غریب عوام جو سردی کی شدت اور گرمی کی شدت سہتے ہیں انہوں نے کہا کہ "تاریخ ہمیشہ ان افسران کو یاد رکھتی ہے جنہوں نے یادگار خدمات انجام دیں یو این اے کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عام آدمی کی خوشحالی کو یقینی بنانا ہی اصل کامیابی ہے



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات سے بات چیت کر رہے ہیں

CamScanner

DIRECTORAT[E]
GENERAL OF PU[BLIC]
RELATIONS BALO[CHISTAN]

نظامت ...
حکو...

Bullet No. 1 — Page No. 9

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
چیف ایڈیٹر: برکت علی
جلد 77 | منگل 23 ستمبر 2025ء، 29 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 22

# بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، سرفراز بگٹی

البتہ نوجوانوں کو ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے، ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں، نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں

سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں، کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی طلباء سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے، ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ نے یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جا سکے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات سے بات چیت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کی نئی بلڈنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں اسپیکر عبدالخالق اچکزئی صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ سمیت اعلیٰ حکام شریک ہیں۔

CamScanner

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | منگل 23 ستمبر 2025ء بمطابق 29 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-259

سرفراز بگٹی

# وعدہ کیا تھا بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، وعدہ پورا کر کے دکھایا

## بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے، نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کریں گے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ کر حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں

ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں، تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت

## بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے تمام علاقوں کے افسران تربیت حاصل کریں گے اور وہ دن ہمارے خواب کی عملی تعبیر ہوگا

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے، ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جا سکے

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے تمام علاقوں کے افسران (بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 2 پر)

تربیت حاصل کریں گے اور وہ دن ہمارے خواب کی عملی تعبیر ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ عبدالمجید بادینی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل آغا، بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالحمید جمالی سمیت مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اور ریٹائرڈ افسران بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان نے زیر تربیت افسران کو میرٹ پر انتخاب اور اپنے ہی صوبے میں سول سروس کی تربیت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک وقت میں ایک خواب تھا جو آج تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ اس اکیڈمی کو پاکستان کا منفرد اور اعلیٰ معیار کا ادارہ بنایا جائے گا جہاں ملک بھر سے افسران تربیت حاصل کرنے کو باعث فخر سمجھیں گے انہوں نے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ادارے سے تربیت مکمل کرنے کے بعد جب آپ دفاتر جوائن کریں گے تو آپ کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جائیں گی آپ کو خود کو صرف افسر نہیں بلکہ عوام کا خدمتگار اور رہنما سمجھ کر پاکستان اور خصوصاً بلوچستان کے لیے پوری نیک نیتی اور لگن کے ساتھ کام کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ایک شاندار مستقبل آپ سب کا منتظر ہے تاہم حقیقی کامیابی عوام کی خدمت سے ہی جڑی ہوئی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپ سب کا انتخاب میرٹ پر ہوا ہے، لہٰذا آپ سے توقعات بھی بہت زیادہ ہیں۔ آپ نے بلوچستان کے عام شہری کے لیے کام کرنا ہے، وہ عام آدمی جو سخت سردیوں میں ٹھٹھرتا ہے اور گرمیوں میں جھلستا ہے سول سروس میں تقرری، تعیناتی اور ترقی معمول کی بات ہے لیکن معاشرہ ہمیشہ ان افسران کو یاد رکھتا ہے جو کچھ منفرد اور یادگار کام سرانجام دیتے ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ پاکستان اور محروم طبقے کی خدمت کو اپنی پہچان بنائیں۔ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کی ترقی کے لیے وسائل کی فراہمی کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ جس طرح دیگر شعبوں کے لیے وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں اسی طرح اس اکیڈمی کی ضروریات اور بہتری کے لیے بھی بلاجھجک وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرا خواب ہے کہ یہ ادارہ اتنا معیاری اور مثالی بنے کہ ملک کے تمام صوبوں کے افسران یہاں تربیت حاصل کرنا اعزاز سمجھیں انہوں نے کہا کہ ہم یہاں آپ کی خدمت اور رہنمائی کے لیے موجود ہیں، لہٰذا آپ بھی اپنی توانائیاں عوامی خدمت کے لیے وقف کریں۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے نئے تدریسی و انتظامی بلاک کا بھی افتتاح کیا



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات سے بات چیت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBL[IC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No. 1

Daily Qudrat Quetta
روزنامہ
قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
جلد 1 ، منگل 23 ستمبر 2025 ، 27 ربیع الاول 1447ھ ، شمارہ 162

# نوجوان ہمارا مستقبل، انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کیلئے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں

سرفراز بگٹی

بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں

سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ بقیہ 1 صفحہ 6 پر

انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتیاں مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت افسران سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No.

Page No. 12


Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 215

منگل 23 ستمبر 2025ء | 29 ربیع الاول | 1447ھ | رجسٹرڈ ایل سی بی-10


# بات چیت کیلئے تیار، ریاست کیخلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے، سرفراز بگٹی

## سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا، بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے، کوئی بھی شاہراہ بند نہ ہونے کا وعدہ پورا کر دیا، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں


متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا ویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جا سکے

## بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک ننھے پودے سے تناور درخت بن چکی، حکومت ترقی کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی، افسران پر صرف عہدے دار نہیں عوام کے خدمت گزار ہیں، دورے کے موقع پر اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نئے تدریسی و انتظامی بلاک کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ادارے کے عملے، زیر تربیت افسران اور دیگر حکام سے خطاب کرتے ہوئے اکیڈمی کی اہمیت، افسران کے کردار اور صوبے کی ترقی میں ان کے حصے پر زور دیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک ننھے پودے سے تناور درخت بن چکی ہے جو اب پاکستان بھر میں اپنی شناخت بنا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "ہماری خواہش ہے کہ ملک بھر کے افسران یہاں تربیت حاصل کرنے کو اعزاز سمجھیں انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ بلوچستان کا وقار اور پاکستان کا فخر ہے گا اور حکومت اس کی ترقی کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی میر سرفراز بگٹی نے افسران پر زور دیا کہ وہ صرف عہدے دار نہیں بلکہ عوام کے خدمت گزار ہیں انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ہی ان کی اصل پہچان ہے اور ان کا فرض ہے کہ وہ عوامی مسائل کو اولین ترجیح دیں، خاص طور پر بلوچستان کے غریب عوام جو سردی کی شدت اور گرمی کی شدت سہتے ہیں انہوں نے کہا کہ "تاریخ ہمیشہ ان افسران کو یاد رکھتی ہے جنہوں نے یادگار خدمات انجام دیں" اے پی پی کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عام آدمی کی خوشحالی کو یقینی بنانا ہی اصل کامیابی ہے وزیر اعلیٰ نے اکیڈمی کے اساتذہ اور انتظامیہ کی کوششوں کو سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اکیڈمی کو "ملک کا بہترین تربیتی ادارہ" بنایا جائے گا۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ حکومت ان کی ہر ممکن رہنمائی اور معاونت کے لیے ہمہ وقت موجود ہے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات سے بات چیت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کی عمارت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

DIRE[...]
GENER[...]
RELATION[...]
نظامت اعلیٰ تع[...]
حکومت بل[...]
Bullet No. 1
Page No. 13

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 80 — منگل 23 ستمبر 2025ء، 29 ربیع الاول 1447ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 260

# سرکاری محکموں میں غیر ضروری اسامیاں ختم کی جا رہی ہیں: وزیر اعلیٰ بلوچستان

## ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا

### بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا منفرد و ممتاز معیاری تربیتی ادارہ بنائیں گے، افسران پاکستان اور عام آدمی کی بہبود کیلئے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کی نئی بلڈنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں اسپیکر عبدالخالق اچکزئی صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ سمیت اعلیٰ حکام شریک ہیں

کوئٹہ (خ ن، اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کسی صورت کمی نہیں، البتہ انہیں ہمیشہ مواقع کے فقدان کا سامنا رہا ہے ہماری حکومت نے نوجوانوں کی تعمیر و ترقی کے لیے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے تاکہ انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہترین مواقع فراہم کیے جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ سے بات چیت کے دوران کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ہم انہیں منفی پروپیگنڈے سے بچانے کے لیے نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلایا جانے والا منفی پروپیگنڈہ نوجوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اس کا تدارک نہایت ضروری ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ سچ اور جھوٹ میں فرق کرتے ہوئے ریاستی دشمنوں کے عزائم کو بے نقاب کریں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے خواتین کو بھی معاشی استحکام و ترقی کے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبے کا پہلا وویمن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں اسی لیے پہلی مرتبہ صوبے میں خواتین کو کلیدی انتظامی عہدوں پر فائز کیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سرکاری محکموں میں غیر ضروری آسامیاں ختم کی جا رہی ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جامع اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں صرف ایک سال کے دوران 3200 غیر فعال اسکول فعال کیے جا چکے ہیں اور رواں سال دسمبر تک صوبے میں کوئی بھی غیر فعال اسکول باقی نہیں رہے گا اس کے ساتھ ساتھ 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی مکمل کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے، لیکن محرومیوں کو بنیاد بنا کر ریاست کے خلاف بندوق اٹھانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہماری حکومت بات چیت کے لیے ہمیشہ تیار ہے مگر بے گناہوں کے خون سے رنگے ہاتھ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کی تاریخ سے آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اصل محرکات کو سمجھ سکیں اور حقیقت کو پرکھ کر فیصلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہوگی، اور یہ وعدہ عملی اقدامات کے ذریعے پورا کر دکھایا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارا مقصد ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع کے ذریعے مثبت سمت میں آگے بڑھیں اور خواتین کی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں تک لے جایا جا سکے۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی کو پاکستان کا ممتاز اور معیاری تربیتی ادارہ بنایا جائے گا جہاں پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت ملک کے تمام علاقوں کے افسران تربیت حاصل کریں گے اور وہ دن ہمارے خواب کی عملی تعبیر ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز بلوچستان سول سروس اکیڈمی میں زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سیکشن افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ عبدالمجید بادینی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل آغا، بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی سمیت مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اور ریٹائرڈ افسران بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زیر تربیت افسران کو میرٹ پر انتخاب اور اپنے ہی صوبے میں سول سروس کی تربیت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سول سروس اکیڈمی ایک وقت میں ایک ننھا پودا تھا جو آج تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ اس اکیڈمی کو پاکستان کا منفرد اور اعلیٰ معیار کا ادارہ بنایا جائے گا جہاں ملک بھر سے افسران تربیت حاصل کرنے کو باعث فخر سمجھیں گے انہوں نے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ادارے سے تربیت مکمل کرنے کے بعد جب آپ دفاتر جوائن کریں گے تو آپ کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جائیں گی آپ کو خود کو صرف افسر نہیں بلکہ عوام کا خدمتگار اور رہنما سمجھ کر پاکستان اور خصوصاً بلوچستان کے لیے پوری نیک نیتی اور لگن کے ساتھ کام کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ایک شاندار مستقبل آپ سب کا منتظر ہے تاہم حقیقی کامیابی عوام کی خدمت سے ہی جڑی ہوئی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپ سب کا انتخاب میرٹ پر ہوا ہے، لہٰذا آپ سے توقعات بھی بہت زیادہ ہیں۔ آپ نے بلوچستان کے عام شہری کے لیے کام کرنا ہے، وہ عام آدمی جو سخت سردیوں میں ٹھٹھرتا ہے اور گرمیوں میں جھلستا ہے سول سروس میں تقرری، تعیناتی اور ترقی معمول کی بات ہے لیکن معاشرہ ہمیشہ ان افسران کو یاد رکھتا ہے جو کچھ منفرد اور یادگار کام سرانجام دیتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1227 QUETTA Tuesday September 23, 2025 / Rabi ul Awal 29, 1447

# Bugti vows to develop CSA into a premier training institution




**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti announced plans to elevate the Balochistan Civil Service Academy into a premier training institution for officers from across the country.

Addressing a group of trainee assistant commissioners and section officers, Sarfraz Bugti shared his vision of transforming the academy into a center of excellence.

"The day officers from Punjab, Sindh, Khyber Pakhtunkhwa, and other regions come here for training will mark the realization of our dream," he said.

Congratulating the trainees on their merit-based selection, Sarfraz Bugti praised the academy's evolution from humble beginnings into a thriving institution. He expressed confidence that it would soon be recognized nationwide for its quality and uniqueness.

"This academy has grown from a small plant into a mighty tree," Bugti remarked. "It will become a place where officers from all provinces are proud to train."

The Chief Minister urged the trainees to embrace their roles not just as officials, but as public servants and leaders. He emphasized that true success lies in serving the people, especially the most vulnerable.Bugti encouraged the officers to make service to the underprivileged their defining legacy, noting that while promotions are routine, it is meaningful service that earns lasting respect.

Reaffirming his commitment to the academy's development, Sarfraz Bugti pledged to provide all necessary resources to ensure its growth, just as support is being extended to other sectors.

"My dream is for this institution to become so exemplary that officers from all provinces consider it an honor to train here," he stated. "We are here to guide you, and you must dedicate yourselves to public service."

Earlier in the day, Chief Minister Bugti inaugurated the academy's new teaching and administrative block. The ceremony was attended by Parliamentary Secretary Abdul Majeed Badini, Chief Secretary Shakeel Qadir Khan, Director General Dr. Abdul Hafeez Jamali, and other senior officials.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ١

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 16

## محکمہ صحت میں اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے، بخت محمد کاکڑ

**صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، سول ہسپتال میں گفتگو**

کوئٹہ (ح ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کی روشنی میں محکمہ صحت میں اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے تاکہ صوبے کے تمام شہریوں کو بہتر علاج اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کے ہمراہ ٹراما سنٹر، ہسپتال ایکو اور سول کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر امین خان مندوخیل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ وزیر صحت نے ہسپتالوں میں دستیاب طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اور عوام کو درپیش مسائل کا قریب سے مشاہدہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت نے ہسپتال میں مریضوں سے ملاقات کے دوران صحت کے مسائل اور بہتری کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔

## بارکھان کے عوام نے ہمیشہ جمہوری اقدار کو فروغ دیا، سردار کھیتران

**عوام کی بڑی تعداد کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت خوش آئند اور تاریخی عمل ہے**

بارکھان (ح ن) صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران ضلع بارکھان اور گرد و نواح سے عوام کی بڑی تعداد کا مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کرنا خوش آئند اور تاریخی عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی اعتماد ہی کسی جماعت کی اصل طاقت ہے اور ن لیگ کی پالیسیوں پر عوام کا بڑھتا ہوا اعتماد اس بات کا ثبوت ہے کہ لوگ ترقی، استحکام اور خوشحالی کے خواہاں ہیں۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ بارکھان کے عوام نے ہمیشہ جمہوری اقدار کو فروغ دیا ہے اور مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کر کے یہ پیغام دیا ہے کہ صوبے کے عوام ملکی ترقی کے سفر میں شریک ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## پاکستان ایک ناقابلِ تسخیر قوت ہے، مینا مجید بلوچ

**پوری دنیا جان چکی ہے کہ ہمارا دفاع مضبوط اور ناقابلِ شکست ہے**

کوئٹہ (ح ن) صوبائی مشیر برائے امور نوجوانان و کھیل مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ناقابلِ تسخیر قوت ہے، پوری دنیا جان چکی ہے کہ ہمارا دفاع مضبوط اور ناقابلِ شکست ہے۔ دشمن اپنی ناکامیوں کے باعث حواس باختہ ہو چکا ہے اور پاکستان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈے پر اتر آیا ہے مگر قوم اور افواج مل کر ہر سازش کو ناکام بنا کیں گے ان خیا...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

لات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں منعقدہ فرسٹ آل بلوچستان پی پی اے ایف کراٹے ٹورنامنٹ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقابلے نہ صرف نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کرتے ہیں بلکہ صوبے میں کھیلوں کے فروغ اور قومی یکجہتی کے جذبے کو بھی اجاگر کرتے ہیں مینا مجید بلوچ نے کہا کہ افواج پاکستان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پوری دنیا جانتی ہے کہ ہماری بہادر افواج نے دشمن کے رافیل طیارے گرا کر اپنی پیشہ ورانہ مہارت ثابت کی اور ہر محاذ پر بھارت کو شکست سے دوچار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھارتی فنڈڈ تنظیمیں اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتیں اور چند مٹھی بھر لوگ جو بیرونی ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان اور بقاء کی ضمانت ہے، بابا غلام رسول عمرانی

**پشتون ثقافت امن، محبت اور بھائی چارے کی امین ہے، کلچر ڈے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، صوبائی مشیر**

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان اور اس کی بقا کی ضمانت ہے۔ پشتون ثقافت امن، محبت اور بھائی چارے کی امین ہے جو صدیوں پر محیط تاریخ کا حصہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتون ثقافتی دن کے موقع پر اپنے خصوصی ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پیغام میں کیا۔ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا کہ پشتون ثقافت اپنی مثال آپ ہے، جس کی بنیاد بہادری، مہمان نوازی، ایثار اور باہمی محبت جیسے اوصاف پر رکھی گئی ہے یہ ثقافت نہ صرف پشتون عوام کی شناخت ہے بلکہ یہ خطے کے دیگر اقوام کے ساتھ محبت و اخوت کو بھی پروان چڑھاتی ہے۔ غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ بلوچستان میں پشتون اور بلوچ قومیں ایک ہی دھاگے میں پروئی ہوئی ہیں۔ دونوں اقوام کی ثقافتیں امن و دوستی اور بھائی چارے کی روشن علامت ہیں، جو اس خطے کو وحدت اور یکجہتی عطا کرتی ہیں۔ انہوں نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ اپنی ثقافتی اقدار کی حفاظت کریں اور انہیں وقت کی ضروریات سے ہم آہنگ کریں تاکہ آنے والی نسلوں کو اپنی شناخت پر فخر ہو۔ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے مزید کہا کہ میں پشتون ثقافت کے دن کے موقع پر پشتون قوم کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کی ترقی و خوشحالی کے لئے دعا گو ہوں۔

## عوامی اعتماد ہی کسی جماعت کی اصل طاقت ہے، سردار عبدالرحمان کھیتران

**بارکھان و گرد و نواح سے عوام کی بڑی تعداد میں مسلم لیگ (ن) میں شمولیت خوش آئند ہے، صوبائی وزیر**

**مسلم لیگ (ن) عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے گی، صوبائی وزیر**

بارکھان (آن لائن) صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران ضلع بارکھان اور گرد و نواح سے عوام کی بڑی تعداد کا مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کرنا خوش آئند اور تاریخی عمل ہے انہوں نے کہا کہ عوامی اعتماد ہی ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

کسی جماعت کی اصل طاقت ہے اور ن لیگ کی پالیسیوں پر عوام کا بڑھتا ہوا اعتماد اس بات کا ثبوت ہے کہ لوگ ترقی، استحکام اور خوشحالی کے خواہاں ہیں سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا کہ بارکھان کے عوام نے ہمیشہ جمہوری اقدار کو فروغ دیا ہے اور مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کر کے یہ پیغام دیا ہے کہ صوبے کے عوام ملکی ترقی کے سفر میں شریک ہیں

## بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی سوچ نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، صادق عمرانی

**اللہ تعالیٰ بلاول بھٹو زرداری کو عمر دراز عطا فرمائے، سالگرہ کے موقع پر صوبائی وزیر کا پیغام**

کوئٹہ (ح ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو 37 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے تہنیتی پیغام میں میر محمد صادق عمرانی کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے وہ واحد نوجوان لیڈر ہیں ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جن کی سیاسی سوچ، فکر اور بصیرت ملک کے نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے ملک کی تاریخ میں کم عمر وزیر خارجہ کی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں اور بطور چیئرمین ملک کے سب سے بڑے سیاسی جماعت کی قیادت سنبھالنا دراصل ان کی اعلیٰ صلاحیتوں کا مظہر ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کو سیاست کے رموز و اوقاف وراثت میں ملی ہیں ان کے نانا شہید ذوالفقار علی بھٹو، والدہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور والد آصف علی زرداری نے جس طرح سے غریب عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے جو قربانیاں دی ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 17

## بلاول بے نظیر بھٹو شہید کے مشن کو آگے بڑھا رہے ہیں، فیصل خان جمالی

### پیپلز پارٹی آج بھی محنت کشوں، کسانوں اور غریب عوام کی نمائندہ جماعت ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ پر ان کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو جمہوریت، عوامی خدمت اور پاکستان کے سیاسی مستقبل کے لیے امید اور عزم کی علامت بن چکے ہیں پارٹی چیئرمین اپنی والدہ بے نظیر بھٹو شہید کے جمہوری مشن کو نئی روح کے ساتھ آگے بڑھا رہے ہیں جس کے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

باعث نہ ان کی ملک میں بلکہ عالمی سطح پر پذیرائی ہو رہی ہے بلاول بھٹو نے نہ صرف جمہوری اقدار کو فروغ دیا بلکہ نوجوان قیادت کے طور پر عوامی مسائل اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ پیپلز پارٹی آج بھی محنت کشوں، کسانوں اور غریب عوام کی نمائندہ جماعت ہے۔ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو نے مشکل سیاسی حالات میں جس ہمت اور جرات کا مظاہرہ کیا وہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

## بلاول بھٹو کی قیادت میں ترقی کا سفر جاری رہے گا، سردار کوہیار ڈومکی

### پیپلز پارٹی شہداء کے خوابوں اور عوامی امیدوں کی امین ہے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت سردار کوہیار خان ڈومکی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان قائد شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور شہید ذوالفقار علی بھٹو کے خوابوں کی تعبیر کیلئے عملی جدوجہد کر رہے ہیں قوم کو نوجوان قیادت پر فخر ہے انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کی صورت میں قوم کو ایک جرات مند، باصلاحیت اور باکر

بقیہ نمبر 25 صفحہ 5 پر

دار نوجوان قیادت میسر آئی ہے پیپلز پارٹی شہداء کے خوابوں اور عوامی امیدوں کی امین ہے، اور بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں یہ سفر عوامی خدمت کی نئی منزلوں تک جاری رہے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 18

## بلوچستان ہائیکورٹ، افغان مہاجرین کی انخلاء سے متعلق درخواست سماعت کیلئے منظور

**افغان بچے زیر تعلیم، امتحان میں چند ماہ رہ گئے، بیدخلی سے ان کا تعلیمی سال ضائع ہوگا، درخواست گزار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل بنچ نے افغان مہاجرین کی انخلاء اور افغانستان واپسی سے متعلق دائر آئینی درخواست کو سماعت کیلئے منظور کرتے ہوئے اس بابت وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے متعلقہ حکام کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ان سے جواب طلب کرلیا ہے۔ پیر کے روز سماعت کے دوران درخواست گزار سید نذیر آغا ایڈووکیٹ، ایڈیشنل اٹارنی جنرل محمد فرید ڈوگر، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل ظہور احمد بلوچ پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران درخواست گزار سید نذیر آغا ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ افغان بچوں کی بڑی تعداد اسکولوں و دیگر تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں جن کے سالانہ امتحانات میں صرف چند ماہ رہ گئے ہیں بیدخلی اور افغانستان واپسی سے ان کا تعلیمی سال ضائع ہونے اور بڑی تعداد میں مہاجرین کے اپنے جائیدادوں سے محروم ہو جانے کا بھی امکان ہے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ وہ افغانی باشندے جن کی پاکستانی شہریوں سے شادیاں ہو چکی ہیں وہ پاکستان سٹیزن شپ ایکٹ 1951 کے تحت وہ پاکستانی شہریت کے حقدار ہے افغانیوں کی جبری بیدخلی پاکستان کے 1973 کے آئین کے آرٹیکلز 25,25A,9,2A سے متصادم ہے اس لئے عدالت عالیہ اس بابت احکامات صادر فرمائے عدالت نے دلائل سننے کے بعد آئینی درخواست کو سماعت کیلئے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیئے اور ان سے اگلی سماعت پر جواب طلب کر لیا۔ بعد ازاں سماعت ایک ہفتے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ واضح رہے سید نذیر آغا ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کئے گئے آئینی درخواست میں چیف سیکرٹری بلوچستان، وفاقی سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری منسٹری آف اسٹیٹس اینڈ فرنٹیئر ریجن (سیفران)، کمشنر کوئٹہ ڈویژن، انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان اور ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان کو فریق بنایا گیا ہے۔

## بلوچستان کی ترقی درحقیقت پاکستان کی ترقی ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

**مسلم لیگ ن کا بنیادی مقصد ملک کی ترقی اور خوشحالی ہے، اس سفر میں بلوچستان کو ہمیشہ اولین ترجیح دی گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے اسی وژن کے تحت عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ کا بنیادی مقصد ملک کی ترقی اور خوشحالی ہے اور اس سفر میں بلوچستان کو ہمیشہ اولین ترجیح دی گئی ہے۔ ان کی سیاست کا بنیادی مرکز اور محور بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی و خوشحالی ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ کے علاقے نوانکلی، الخیر ٹاؤن، کلی گل محمد اور دیگر علاقوں میں سیوریج لائن، پختہ سڑکوں کی تعمیر اور چار ٹیوب ویلز کے افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، روزگار کے مواقع میں اضافہ اور شہری انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے پی ایس ڈی پی فنڈز کے تحت مکمل کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صاف پانی، معیاری سڑکیں، بہتر سیوریج سسٹم اور دیگر سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے تاکہ عام شہری کی زندگی میں آسانیاں پیدا کی جا سکیں۔ اس مقصد کے تحت وہ اپنے حلقہ انتخاب میں عوامی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبے شروع کر رہے ہیں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور مزید فلاحی و ترقیاتی منصوبے بھی جلد شروع کیے جائیں گے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور خصوصاً بلوچستان پر اپنا خصوصی رحم و کرم فرمائے اور قوم کو ترقی، خوشحالی اور کامیابی نصیب کرے تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک روشن مستقبل تشکیل دیا جا سکے۔

## بلوچستان میں 5 ارب سرمایہ کاری کا منصوبہ، آج ایم او یو پر دستخط ہونگے

**ساحلی علاقے ڈام میں جھینگا فارم بنایا جائیگا، برآمدات میں اضافہ، ہزاروں افراد کو روزگار ملے گا**

**ماہی پروری اور آبی زراعت کے شعبے کو ترقی، معاشی سرگرمیوں فروغ حاصل ہوگا، بلال خان کاکڑ**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی کاوشوں سے حب کے علاقے ڈام میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) ماڈل کے تحت 5 ارب روپے کے جھینگا فارم منصوبے میں سرمایہ کاری کا تاریخی منصوبہ طے پا گیا، اس سلسلے میں حکومت بلوچستان (بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور محکمہ فشریز) اور ہاؤس آف کاسب/دھابیجی ایکوا فوڈ اور الکرم ٹیکسٹائل گروپ کے درمیان ایک مفاہمت کی یادداشت پر آج 23 ستمبر کو دستخط کیے جائیں گے۔ یہ تقریب چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوگی جس کے مہمان خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہوں گے۔ اس معاہدے کے تحت ضلع حب کے علاقے ڈام میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) ماڈل کے تحت 5 ارب روپے کا جھینگا فارم منصوبہ شروع کیا جائے گا۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا، جس میں جماعت اسلامی کے رکن و پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی جعفرآباد اور دیگر متاثرہ اضلاع میں نہروں سے تمام غیر قانونی پائپ فوری طور پر ہٹانے، پانی کی تقسیم کو شفاف بنانے کے لئے ہر کینال اور ڈسٹری بیوٹری پر ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم نصب کیے جانے سے متعلق قرارداد پیش کریں گے۔ اجلاس میں بلوچستان اسٹیبلشمنٹ آف اکوٹیکل کورٹس (اوورسیز پاکستانیز پراپرٹی) کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 (مسودہ قانون نمبر 33) پیش کیا جائے گا۔ وقفہ سوالات میں محکمہ صحت سے متعلق سوالات کے جوابات دیے جائیں گے۔

## زردآلو سے برآمد ہونے والی لاش اسسٹنٹ کمشنر زیارت کی نہیں، ڈپٹی کمشنر جنرل ہرنائی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر جنرل ہرنائی محمد سلیم ترین ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ ہرنائی کے علاقے زردآلو سے برآمد ہونے والی لاش اسسٹنٹ کمشنر زیارت محمد افضل کی نہیں بلکہ نوجوان محبت اللہ سالانی کی ہے جسے لین دین کے تنازع پر قتل کیا گیا۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر کی لاش کی برآمدگی کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ زردآلو، کوسٹ اور گگری کے پہاڑی سلسلوں میں تلاش کے دوران صرف محبت اللہ سالانی کی ہی لاش ملی۔ جسے کوسٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

## صوبے بھر میں اینٹی سروائیکل مہم 2027 میں شروع کی جائے گی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایکسپینڈڈ پروگرام آن ایمونائزیشن بلوچستان کے تحت صوبے بھر میں اینٹی سروائیکل مہم 2027 میں شروع کی جائے گی، مہم میں 9 سے 14 سال کی بچیوں کو ویکسین لگائی جائے گی۔ ایکسپینڈڈ پروگرام آن ایمونائزیشن بلوچستان کے مطابق صوبے میں اینٹی سروائیکل 2027 میں چلائے جانے کا پلان ہے، ان کے مطابق صوبے میں سروے اور طریقہ کار نہ ہونے کی وجہ سے خواتین میں متعلقہ کینسر سے اموات کا ڈیٹا موجود نہیں ہے لیکن ایک محتاط اندازے کے مطابق اموات کی شرح خطرناک حد تک بڑھ گیا ہے، اسی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت سے درخواست کی گئی ہے کہ بلوچستان میں 2027 کے بجائے خیبر پشتونخواہ کے ساتھ 2026 میں مہم چلائی جائے تاکہ یہاں کی بچیوں کو کینسر جیسی موذی مرض سے بچایا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 18

# واٹر پالیسی کی منظوری کے بعد صوبے بھر میں نئے ٹیوب ویلوں کی ڈرلنگ پر پابندی عائد

**صوبائی حکومت نے یہ فیصلہ بلوچستان میں زیر زمین پانی کی تیزی سے گرتی ہوئی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے**

**اب کسی کو نیا ٹیوب ویل لگانے کی اجازت نہیں خلاف ورزی پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، محکمہ آبپاشی و واٹر ریسورسز**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت نے صوبائی واٹر پالیسی کی منظوری کے بعد ٹیوب ویلوں کی نئی تنصیب اور زیر زمین پانی کی ڈرلنگ پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔ یہ فیصلہ بلوچستان میں زیر زمین پانی کی تیزی سے گرتی ہوئی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے محکمہ آبپاشی اور واٹر ریسورسز کے مطابق، کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں اب کسی بھی فرد، ادارے یا تنظیم کو نیا ٹیوب ویل لگانے یا زیر زمین پانی نکالنے کیلئے نئی ڈرلنگ کی اجازت نہیں دی جائے گی پالیسی کے مطابق، جو بھی اس پابندی کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف سخت قانونی کار........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

روائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں جرمانے اور ٹیوب ویل سیل کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ بلوچستان خاص طور پر کوئٹہ، پشین، مستونگ، کچلاک اور قلات جیسے علاقوں میں زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا چکی ہے محکمہ واسا کے حکام نے کہا ہے کہ زیر زمین پانی کی سطح 13 سے 15 فٹ نیچے زیر زمین گر چکی ہے ماہرین کے مطابق، بے قابو ٹیوب ویلوں کی تنصیب نے پانی کے ذخائر کو شدید متاثر کیا ہے، جس کے باعث نہ صرف زرعی پیداوار متاثر ہو رہی ہے بلکہ پینے کے پانی کا بحران بھی شدید تر ہوتا جا رہا ہے

# ایرانی پیٹرول، ڈیزل اور اسمگل شدہ اشیاء کی روک تھام کی جائے

## وفاق کا بلوچستان حکومت کو خط

**بلوچستان میں ایرانی پیٹرول کی دستیابی سے • قانونی سپلائی چین متاثر، ٹیکس چوری اور سیکیورٹی خدشات جنم لے رہے ہیں**

**ملک میں شفاف اقتصادی نظام قائم رکھنے کیلئے غیر قانونی خرید و فروخت اور ذخیرہ کرنیوالوں کیخلاف فوری کارروائی کی جائے**

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی حکومت نے بلوچستان میں ایرانی پیٹرول، ڈیزل اور دیگر اسمگل شدہ اشیا کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام کے لیے بلوچستان حکومت کو سخت اور فوری اقدامات کرنے کی باضابطہ ہدایت جاری کردی ہے اس ضمن میں وفاقی وزارت توانائی نے صوبائی حکومت کو ایک اہم خط ارسال کیا ہے، جس میں متعدد ہدایات اور اقدامات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے خط میں بلوچستان حکومت کو واضح طور پر کہا گیا ہے کہ وہ ایران سے ملحقہ تمام سرحدی علاقوں پر پیٹرولیم مصنوعات سمیت ہر قسم کی اسمگلنگ کو روکنے کے لیے مؤثر حکمت عملی ........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

اپنائے خاص طور پر ایرانی پیٹرول اور ڈیزل پر فوری پابندی عائد کی جائے اور ان کی ترسیل، خرید و فروخت اور ذخیرہ کرنے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے وفاقی وزارت نے بلوچستان حکومت کسٹمز، ایف آئی اے، لیویز اور پولیس کو مشترکہ کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارڈر ایریاز پر چیکنگ سخت اور مربوط بنائی جائے خط میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان میں ایرانی پیٹرول کی دستیابی سے • قانونی سپلائی چین متاثر، ٹیکس چوری اور سیکیورٹی خدشات جنم لے رہے ہیں۔

# لورالائی کے مختلف علاقوں میں کاشت پوست کی فصل تلف

**آپریشن حلقہ تورہ، موضع شردان اور موضع کوکی، تحصیل میختر میں کیا گیا**

لورالائی (آن لائن) ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس فورس لورالائی کی جانب سے ضلع لورالائی کے مختلف علاقوں میں منشیات کے خلاف کارروائی کی گئی، جس کے دوران چرس (بنگ) کی کاشت کو مکمل طور پر تلف کر دیا گیا۔ یہ کامیاب آپریشن حلقہ تورہ، موضع شردان اور موضع کوکی، تحصیل میختر میں کیا گیا، جہاں زرعی زمین پر غیر قانونی طور پر کاشت کی گئی چرس ........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کی فصل کی نشاندہی کے بعد فوری کارروائی عمل میں لائی گئی فورس نے جدید آلات کی مدد سے فصل کو تلف کیا، جبکہ متعلقہ افراد کی تلاش اور قانونی کارروائی کے لیے مزید تحقیقات بھی جاری ہیں۔ حکام کے مطابق یہ کارروائی منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کا حصہ ہے، جس کا مقصد نوجوان نسل کو منشیات جیسی لعنت سے محفوظ رکھنا ہے۔ ترجمان ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس فورس کا کہنا تھا کہ ایسے مزید آپریشنز کا دائرہ دیگر علاقوں تک بھی بڑھایا جائے گا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 2 Dated: 23 SEP 2025 Page No. 2

# غیر رجسٹرڈ افغانوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، حکومت بلوچستان

## کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں افغانوں کے زیر انتظام اسکولز اور کلینک بند کیے جا رہے ہیں، ایک لاکھ پچاس ہزار سے زائد افراد واپس بھیج دیے گئے

## ضلعی انتظامیہ اس عمل کو فوری، موثر اور مکمل شفافیت کے ساتھ انجام دے عوام بھی افغان باشندوں سے متعلق محکمہ داخلہ کو اطلاع دیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں افغان مہاجرین کے انخلا کا عمل تیزی سے جاری ہے، جہاں ضلعی انتظامیہ، پولیس، لیویز، ایف سی اور دیگر سیکیورٹی اداروں نے مربوط کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ ان کارروائیوں کا مقصد ان تمام افغان شہریوں کو واپس ان کے وطن بھیجنا ہے جو بغیر قانونی دستاویزات یا رجسٹریشن کے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مقیم ہیں حکام کے مطابق، انخلا کا یہ تیسرا مرحلہ ہے، جس میں اب تک ایک لاکھ پچاس ہزار سے زائد افغان مہاجرین کو وطن واپس بھیجا جا چکا ہے ان میں سے 20 ہزار افراد رضاکارانہ طور پر چمن بارڈر کے ذریعے افغانستان واپس لوٹ چکے ہیں، جبکہ باقی مہاجرین کو حکومتی سطح پر حراست میں لے کر ڈی پورٹ کیا گیا ہے ذرائع کے مطابق، آپریشن میں سب سے زیادہ شدت کوئٹہ، پشین، چمن، چاغی، دکی، لورالائی اور مستونگ سمیت دیگر اضلاع میں دیکھی گئی ہے۔ سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر چھاپے مار کر غیر رجسٹرڈ افغان باشندوں کو گرفتار کر رہی ہیں۔ ان افراد کو ابتدائی حراست میں لے کر رجسٹریشن اور دستاویزات کی جانچ پڑتال کے بعد چمن، گل کچ، بادینی اور تفتان کے سرحدی پوائنٹس سے افغانستان واپس بھیجا جا رہا ہے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں افغانوں کے زیر انتظام اسکولز اور کلینک بند کیے جا رہے ہیں حکومت بلوچستان نے ایسے 33 سے زائد تعلیمی ادارے اور صحت کے مراکز کی نشاندہی کی ہے جو افغان باشندے چلا رہے تھے۔ ان اداروں کو انخلا نوٹس جاری کیے جا چکے ہیں اور انہیں جلد بند کیا جا رہا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ ادارے قانونی اجازت کے بغیر قائم کیے گئے تھے اور ان میں رجسٹرڈ افغانوں کے ساتھ ساتھ غیر رجسٹرڈ افراد بھی کام کر رہے تھے پولیس، ایف سی اور لیویز اہلکار نہ صرف سڑکوں پر بلکہ غیر قانونی مہاجرین کی پناہ گاہوں، کرایہ کے گھروں اور دکانوں پر بھی چھاپے مار رہے ہیں۔ ہر ضلع کی ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس عمل کو فوری، موثر اور مکمل شفافیت کے ساتھ انجام دے حکام نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ اگر ان کے علم میں کوئی غیر قانونی افغان باشندہ ہو تو قریبی تھانے یا محکمہ داخلہ بلوچستان کو اطلاع دیں تاکہ کارروائی کی جا سکے بلوچستان حکومت کا کہنا ہے کہ یہ انخلا قومی سلامتی، معاشی استحکام اور مقامی وسائل کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے، اور یہ عمل بین الاقوامی قوانین اور انسانی ہمدردی کے اصولوں کے تحت انجام دیا جا رہا ہے۔

# گوادر: سی پیک منصوبے کے تحت 50 گریجویٹس کی ٹریننگ مکمل

**ٹریننگ کا مقصد گوادر کی صنعتی اور اقتصادی ترقی کیلئے ایک ہنرمند افرادی قوت تیار کرنا ہے، ٹریننگ حاصل کرنے والوں 68 طلبا کا تعلق بلوچستان کے کم ترقی یافتہ علاقوں سے ہے، رپورٹ**

اسلام آباد (آئی این پی) گوادر میں پاکستان کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کے ذریعہ قائم کردہ پریجن سسٹم ٹریننگ سینٹر میں کل 68 طلبا نے داخلہ لیا ہے، جن میں سے 50 نے اپنی تعلیم مکمل کرلی ہے۔ ویلتھ پاکستان کے پاس دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق، مرکز کو نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن کے ساتھ ایک مفاہمت کی یادداشت کے تحت تیار کیا گیا تھا تاکہ گوادر کی صنعتی اور اقتصادی ترقی کے لیے ایک ہنرمند افرادی قوت تیار کی جاسکے جو خاص طور پر چین پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت ہو۔ پی ایس ٹی سی گرافک ڈیزائن، مشینی تربیت، اور عام الیکٹریشن کی مہارتوں کے چھ ماہ کے مختصر کورسز کے ساتھ، پریجن میکینکس اور انسٹرومنٹ ٹیکنالوجی میں ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کا تین سالہ ڈپلومہ پیش کرتا ہے۔ مختصر کورسز نے اب تک 50 گریجویٹس تیار کیے ہیں، جو مقامی مارکیٹ کو انتہائی ضروری تکنیکی افرادی قوت فراہم کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ، فی الحال 18 طلبا تین سالہ ڈی اے ای پروگرام میں داخلہ لے رہے ہیں۔ دستاویزات میں مزید انکشاف کیا گیا ہے کہ تمام 68 طلبا کا تعلق بلوچستان کے کم ترقی یافتہ علاقوں سے ہے۔ دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی سہولت کے لیے یہ مرکز 80 طلبہ تک کے لیے ہاسٹل میں رہائش بھی فراہم کرتا ہے۔ آگے دیکھتے ہوئے پی ایس ٹی سی گوادر نے میرین انوویشن لیب کے قیام کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے، جو سی این سی درستگی اور جامع کشتیوں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ سی این سی ٹیکنالوجی کے ذریعے پائیدار فائبر گلاس کشتیوں کو تیار کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی۔ توقع ہے کہ اس اقدام سے گوادر کی سمندری معیشت اور ماہی گیری کی صنعت کو جدید ٹیکنالوجی کو روایتی ذریعہ معاش کے ساتھ مربوط کرکے ایک نیا فروغ ملے گا۔ مرکز کے ایک سینئر عہدیدار نے ویلتھ پاکستان کو بتایا کہ یہ سہولت مقامی نوجوانوں کو روزگار کے قابل ہنر سے آراستہ کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے جو گوادر کی ابھرتی ہوئی صنعتوں کے تقاضوں کے مطابق ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 23 SEP 2025 Page No. 23


## کیچ کلچرل فیسٹیول کی تیاریاں عروج پر، انتظامی اجلاس میں اہم فیصلے

### ڈپٹی کمشنر کیچ کی زیرصدارت اجلاس، علمی و ادبی شخصیات کو مدعو کرنے پر مشاورت مکمل

تربت (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ کیچ کی جانب سے یکم اکتوبر سے 3 اکتوبر تک منعقد ہونے والے کیچ کلچرل فیسٹیول کی شاندار تیاریوں اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے فیسٹیول آرگنائزنگ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے کی۔ اجلاس میں فیسٹیول سیکرٹری اتازکی، غلام اعظم دشتی، حافظ صلاح الدین سلفی، مقبول ناصر، پہلوان خان، مبارک بلوچ سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں اب تک ہونے والی تیاریوں کو نہایت حوصلہ افزا

بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

قرار دیا گیا اور متوقع مہمانانِ گرامی، پینلسٹ، علمی و ثقافتی نشستوں کے موضوعات اور مختلف ایونٹس پر تفصیلی غور و خوض کے بعد متعدد امور کو حتمی شکل دی گئی۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ ممتاز ادبی، سماجی اور علمی شخصیات کو دعوت ناموں کی ترسیل کا عمل فوری طور پر شروع کیا جائے گا تاکہ فیسٹیول کی سرگرمیوں کو کامیاب اور بامقصد بنایا جا سکے۔ فیسٹیول سیکرٹری اتازکی نے اجلاس کو فیسٹیول کے پروگرامز اور سرگرمیوں سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اس سلسلے میں گوادر یونیورسٹی، آر ڈی کونسل گوادر، خیر جان آرٹس اکیڈمی گوادر، جیز گوادر، یونیورسٹی آف تربت، مکران میڈیکل کالج، گرلز کالج تربت، عطا شاد ڈگری کالج اور بلوچستان اکیڈمی تربت سمیت متعدد تعلیمی اور ثقافتی اداروں کے نمائندوں سے رابطے اور دورے مکمل کیے جا چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کیچ کلچرل فیسٹیول محض ایک تقریب نہیں بلکہ یہ علم و ادب، تاریخ و ثقافت، تفریح اور مزاح پر مبنی ایک تاریخی اور یادگار ایونٹ ثابت ہوگا۔ انہوں نے آرگنائزنگ کمیٹی کی منظم کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ کمیٹی کی انتھک محنت اور بہتر منصوبہ بندی ہی فیسٹیول کو کامیابی کی نئی مثال بنائے گی۔

## کلچر ڈے کے موقع پر پشتو اکیڈمی کوئٹہ میں تقریب آج ہوگی

### گورنر مہمانِ خصوصی، علمی مذاکرے، مشاعرہ، اتن، علاقائی موسیقی اور ثقافتی اسٹالز کا اہتمام

کوئٹہ (آن لائن) پشتو اکیڈمی مکانگی روڈ کوئٹہ کے زیراہتمام کل 23 ستمبر کو بوقت صبح 10 بجے پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے تقریب کا آغاز ہوگا۔ پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے پشتو اکیڈمی کوئٹہ میں کلچر کے موضوع پر تقریب منعقد ہوگا، اس تقریب میں پشتون کلچر کی عکاسی کرتے ہوئے زیب تن لباس میں ملبوس مرد اور خواتین بھرپور طریقے سے شرکت کریں گے۔ اس تقریب کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

مہمان خصوصی گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل ہوں گے۔ مذکورہ تقریب میں مختلف اسٹال لگائے جائیں گے۔ علمی اور ادبی مذاکرے کا اہتمام کیا جائے گا جس میں پشتون کلچر پر مختلف سکالرز اور دانشور حضرات لیکچرز اور اپنے اظہار خیال پیش کرینگے۔ علاقائی لوک گیت گائے جائیں گے۔ پشتون ثقافت پر جی ڈھول کی تھاپ پر مشترکہ طور پر اتن ہوگا۔ مشاعرے کا انعقاد ہوگا۔ رباب کے ذریعے ملی اور وطنی نغمے پیش کیے جائیں گے۔ پشتون کلچر کے عین مطابق دیگر ایکٹیویٹیز بھی ہوں گے۔ مختلف نامور پشتون سنگرز اپنے سریلی آوازوں میں موسیقی کے دوران منفرد گانے پیش کریں گے

# مائنز اینڈ منرل ایکٹ صوبائی خودمختاری کے منافی، منسوخ کیا جائے، آل پارٹیز

آل پارٹیز، سول سوسائٹی اور مائنز اونرز ایسوسی ایشن کا مشترکہ اجلاس، مائنز اینڈ منرل ایکٹ سے متعلق غور و خوض کیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کے زیر صدارت اسمبلی کے کمیٹی روم میں آل پارٹیز، سول سوسائٹی مائنز اونرز ایسوسی ایشن کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مائنز اینڈ منرل ایکٹ 2025 سے متعلق طویل غور و خوض ہوا اور اس بل کے مندرجات کو آئین خلاف صوبائی خودمختاری اور اٹھارویں ترمیم حق ملکیت کے منافی قرار اور اسے فوری منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا گیا اجلاس میں اس عہد کا اظہار کیا گیا کہ صوبے کی اپوزیشن جماعتیں صوبے کے عوام کی مفادات کی محافظ اور امین چلے آرہے ہیں اور ہر اس اقدام کی ہر فورم پر برملا مخالفت کرتے ہیں جو عوام کی مفادات کے خلاف ہو اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کی قیادت میں پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے ارکان میں اے این پی کے صوبائی پارلیمانی لیڈر انجینیر زمرک خان اچکزئی نیشنل پارٹی کے صوبائی ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحمت صالح بلوچ جماعت اسلامی کے پارلیمانی لیڈر مولانا ہدایت الرحمان بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر میر جہانزیب مینگل شامل ہے جو وزیر اعلیٰ کیساتھ مائنز اینڈ منرل ایکٹ 2025 بارے آل پارٹیز کے مطالبات سے آگاہ کریں گے پارلیمانی کمیٹی بعد ازاں سیاسی جماعتوں کی قیادت کو حکومت کیساتھ پیش رفت سے آگاہ کرے گی اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا محمود شاہ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی پارلیمانی لیڈر انجینیر زمرک خان صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا بلوچستان پیس فورم کے چیئرمین نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی اختر شاہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری ملک نصیر شاہوانی مرکزی رہنما ثناء اللہ بلوچ نیشنل پارٹی کے صوبائی ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحمت صالح بلوچ صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی ایڈووکیٹ جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمان زاہد اختر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی مائنز اونرز ایسوسی ایشن کے میر بہروز رکی جنرل سیکرٹری فتح شاہ بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی اسرار سول سوسائٹی وکلاء کے نمائندوں و دیگر نے شرکت کی۔

# صوبے میں کرپشن، لوٹ مار اور اقربا پروری کا بازار گرم ہے، پشتونخوا میپ

فارم 47 کی حکومتیں سیاسی استحکام لانے میں ناکام جس کے نتیجے میں بیرونی قرضہ 80 ٹریلین تک پہنچ چکا ہے، عبدالرحیم زیارتوال، سید شراف آغا

پشتونخوا میپ کی حکومت نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی صوبے میں کاروبار پر مکمل پابندیاں ہیں، خان شہید علاقائی یونٹ کانفرنس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل چوکی کے زیر اہتمام خان شہید علاقائی یونٹ کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، سندھ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نقل اسٹاد اور تحصیل سیکرٹری ملک جوہر کاکڑ نے خطاب ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ب کیا مقررین نے کہا کہ ہمارا صوبہ مسائلستان بن چکا ہے، کرپشن کے سکینڈل پر سکینڈل آرہے ہیں، ایک انٹرنیشنل ادارے کی رپورٹ کے مطابق ترقیاتی کاموں میں 53 پرسنٹ سرکاری عملہ وصول کر رہی ہے، کرپشن، رشوت خوری، لوٹ مار اور اقربا پروری کا بازار گرم ہے، حکومتی سوشل سیکٹر خصوصاً صحت، تعلیم تباہ ہو چکا ہے کوئٹہ میں بچے کا صاف پانی بجلی گیس نایاب ہوتا جارہا ہے پرورده عناصر کے ذریعے بھتہ خوری، دہشت گردی، چوری، ڈکیتی، اغواء برائے تاوان روز کا معمول بن چکے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ فارم 47 کی نام نہاد مسلط حکومت اور حکومتیں سیاسی استحکام لانے میں ناکام ہو چکی ہیں جس کے نتیجے میں بیرونی قرضہ 80 ٹریلین تک پہنچ چکا ہے۔ صنعتی اور زرعی پیداوار گھٹ گئی ہے۔ شدید ترین مہنگائی اور بدترین بیروزگاری نے ملک کے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ صوبے کے عوام کی تجارت پر پابندیاں عائد کردی گئی ہے۔ صوبے کے زراعت، جنگلات، جنگلی حیات اور معدنیات، ماہی گیری، آئی ٹی اور کیڈٹ کالجز کو مرکزی حکومت کی تحویل میں دے چکے ہیں۔ صوبے میں صنعت کا فقدان ہے لیکن صنعت نہیں، لوٹ کھسوٹ کی اس صورتحال کا خاتمہ اور اس کا حل پارٹی کے محبوب چیئرمین اور ملک کے سیاسی جمہوری صف کے عظیم رہبر محمود خان اچکزئی پیش کر چکے ہیں۔ جس میں فارم 47 کے نام نہاد مسلط نمائندوں اور ان کی جعلی حکومتوں کا خاتمہ اور ملکی آئین کو اصل صورت میں بحال کرنا ضروری اور لازمی ہے مقررین نے کہا کہ ملک میں آئین کی سپرمیسی کو تسلیم کرنا ہوگا اور ملک کے تمام آئینی اداروں کو آئین میں متعین شدہ دائرہ و اختیار کا پابند بنانا ہوگا اور پارلیمنٹ کی خودمختاری بحال اور جمہوری حکمرانی کو تسلیم کرنی ہوگی۔ اسی طرح ملک کو قوموں کی برابری کا حقیقی فیڈریشن اور قوموں کی مادری زبانوں کو سکول، کالج، یونیورسٹیں، مسجدوں، مدرسوں، تجارت اور سرکاری دفتری زبانوں کی حیثیت سے تسلیم کرنا ہوگی۔ مقررین نے کہا کہ پشتون قومی وحدت، قومی تشخص اور اپنے قومی وسائل ان کے سیاسی جمہوری اختیار کو تسلیم کرنا ہوگا اسی طرح ملک کے دیگر قوموں کو ان کے قومی وسائل پر ان کا قومی سیاسی جمہوری حق تسلیم کرنا ہوگا اور ملک کو جمہوریت کی پٹڑی پر ڈالنا ہوگا مقررین نے خان شہید علاقائی یونٹ کچلاغ کے پارٹی کارکنوں کو ان کی بہترین کارکردگی پر داد تحسین اور نئی منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی کابینہ علاقائی یونٹ کو مزید فعال بنانے میں اپنا مثبت کردار ادا کرے گی نئی کابینہ سے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے حلف لیا۔

# پرامن علاقوں میں حالات خراب، لوگ قتل ہو رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان

حکمران سیکورٹی ادارے ذمہ داری بیانات کے سوا کچھ نہیں کررہے جو لمحہ فکریہ ہے، امیر جماعت اسلامی

اسسٹنٹ کمشنر زیارت اور ان کے بیٹے کا قتل ناقابل برداشت ہے، ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے اسسٹنٹ کمشنر زیارت اور ان کے بیٹے کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ حکومت اور اداروں کی مکمل ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے پرامن علاقوں کے حالات خراب، لوگ قتل ہو رہے ہیں حکمران سیکورٹی ادارے ذمہ داری بیانات کے سوا کچھ نہیں کررہے جو لمحہ فکریہ ہے بے گناہوں کا قتل اللہ کے قہر و عذاب کو دعوت دینے کے مترادف ......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بے انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مزید کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے بار بار بندش کے ذریعے عوام کا جینا حرام کر دیا ہے۔ بار بار کی پابندی سے ہزاروں خاندان فاقہ کشی کا شکار اور معاشی بدحالی میں مبتلا ہے عوام کے مسائل کے حل کیلئے اسمبلی کے اجلاس میں سخت احتجاج کریں گے حکومت فوری طور پر بارڈر کھولے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے انہوں نے کہا کہ زیارت سمیت دیگر پرامن علاقوں سے لاعلم ہے کہ گواہ افراد کا اغواء اور بعد ازاں ان کی لاشوں کا ملنا باعث تشویش ہے ایسے سانحات علاقے کے امن کو تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشیں ہیں اس سازش کو بے نقاب کرنے کی ضرورت ہے جبکہ حکومت اور ادارے عوام کی جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مطالبہ کیا کہ اس المناک واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، اعلیٰ سطحی کمیٹی بنا کر تحقیقات کی جائیں اور اصل حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں انہوں نے مرحومین کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی اس دکھ کی گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ٹ

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 25


## ڈیرہ مراد جمالی: چوروں کی فائرنگ سے گھر کا سربراہ جاں بحق

**نامعلوم افراد چوری کی نیت سے گھر میں داخل ہوئے تھے، مکینوں کی آنکھ کھل جانے پر فائرنگ کردی**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چوروں کی فائرنگ سے گھر کا سربراہ جاں بحق ہوگیا۔ چور موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ [illegible] کی حدود میں گوٹھ علی خان کے مقام پر نامعلوم چوروں نے [illegible] کے گھر میں گھس کر موٹر سائیکل چوری کرنے کی کوشش کی [illegible]

## مسلم باغ: نامعلوم افراد دو جیولرز سے ساڑھے سات کلو سونا چھین کر فرار

**دونوں جیولرز ملتان سے ایک بیگ میں سونا لے کر کوئٹہ آرہے تھے، مقدمہ درج**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پنجاب سے کوئٹہ آنے والی کوچ کے مسافر جیولرز سے نامعلوم افراد کروڑوں روپے مالیت کے زیورات چھین کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق مسلم باغ تھانے میں ملتان کے رہائشی دو جیولرز محمد اقبال اور محمد افضل نے رپورٹ درج کرائی ہے کہ وہ ساڑھے سات کلو سونے کے زیورات ملتان سے لے کر کوچ میں کوئٹہ آرہے تھے کوچ جب مسلم باغ پہنچی تو تین گاڑیوں میں سوار نامعلوم افراد نے کوچ کو روک کر ہم دونوں کو [illegible] ایک گاڑی میں اپنے ساتھ لے گئے کچھ فاصلے پر ملزمان نے گاڑی سے اتار کر بیگ اپنے ساتھ لے گئے بیگ میں ساڑھے سات کلو سونے کے زیورات تھے جو کوئٹہ میں فروخت کرنے تھے زیورات کی مالیت کروڑوں روپے ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید تحقیقات شروع کردی۔

## قلعہ عبداللہ: لیویز نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی، ایک شخص گرفتار

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) کوئٹہ چمن شاہراہ پر لیویز نے دوران گشت ایک شخص کو گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق لیویز نے کوئٹہ چمن شاہراہ پر گشت کے دوران ٹول پلازہ کے قریب سے چرائی گئی موٹر سائیکل برآمد کرکے ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔ رسالدار میجر زین اللہ خان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر قلعہ عبداللہ کوئٹہ چمن شاہراہ پر چوروں اور بھتہ خوروں کے خلاف لیویز کی بلاامتیاز کارروائی جاری ہے۔

## نوشکی میں چنگ چی رکشہ چھین لیا گیا

نوشکی (نامہ نگار) نوشکی شہر سے دو نامعلوم افراد نے ضمیر احمد ولد حاجی محمد داؤد کا چنگ چی رکشہ ڈاک کے لیے بک کرایا اور راستے میں چاقو کے وار کرکے ضمیر احمد کو شدید زخمی کرکے ویرانے میں پھینک دیا اور چنگ چی لے اڑے۔ میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال میں طبی امداد کے بعد زخمی کو کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔ نوشکی پولیس نے تمام راستوں کی ناکہ بندی کرکے تلاش شروع کردی۔


INTEKHAB QUETTA


## کراچی سے لاپتہ ہونے والا تربت کا رہائشی بازیاب

تربت (بیورو رپورٹ) 25 مئی 2025 کو کراچی سے مبینہ طور پر لاپتہ ہونے والے زکریا اسماعیل 4 مہینے بعد گزشتہ روز بازیاب ہوگئے، زکریا اسماعیل کو کراچی سے مبینہ طور پر اٹھا کر لاپتہ کردیا گیا تھا جو چار ماہ تک لاپتہ رہے، ان کی رہائی کے بعد لواحقین نے کہا کہ جبری گمشدگیوں کا یہ سلسلہ شدید انسانی المیہ ہے


Century Express Quetta


## قلات، سوراب سے چوری کی گئی گاڑی برآمد، ملزم گرفتار

**گاڑی چوری ہونے کے بعد لیویز نے قومی شاہراہ پر ناکہ لگا کر گاڑی برآمد کرلی**

قلات (خ ن) امن وامان کے قیام جرائم کی روک تھام کیلئے ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر لیویز فورس منگچر نے سوراب کے علاقے سے چوری کی گئی مسروقہ کار بروقت برآمد اور ملزم کو گرفتار کرلیا ہے ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ اسسٹنٹ کمشنر منگچر ڈاکٹر علی گل عمرانی کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں۔ امن وامان کی بحالی میں خلل ڈالنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہینگی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق سوراب شہر سے ایک مہران گاڑی رجسٹریشن نمبر PAA086 بہ رنگ سفید چوری ہونے کی ضلعی انتظامیہ کو اطلاع ملی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر منگچر ڈاکٹر علی گل عمرانی کے زیر نگرانی ایس ایچ او منگچر لیویز علی اصغر نیچاری نجیب اللہ سکیورٹی انچارج شاہجہاں نے دیگر لیویز جوانوں کے ہمراہ نیشنل ہائی وے پر ناکہ لگا کر گاڑیوں کی چیکنگ شروع کردی اور سوراب سے چوری شدہ کار گاڑی کو برآمد کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 45

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 26

# ریکوڈک منصوبہ ملک اور بلوچستان کیلئے معاشی گیم چینجر!

کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے ریکوڈیک منصوبے کے حتمی معاہدات اور مالی ذمہ داریوں کی منظوری دیتے ہوئے منصوبے کی مجموعی لاگت میں 14 فیصد اضافے کے بعد پہلے مرحلے فیز ون کے لیے 7.723 بلین امریکی ڈالر کی منظوری دی جبکہ پہلے تخمینہ 6.765 بلین ڈالر تھا۔ ای سی سی کے اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر برائے خزانہ اور ریونیو محمد اورنگزیب نے کی۔ اجلاس میں پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے پیش کی گئی سمری پر غور کیا گیا، جس میں ریکوڈیک منصوبے کی مالی اعانت اور حتمی معاہدات کی منظوری کے لیے سفارشات شامل تھیں۔ اجلاس میں ای سی سی نے معاہدات کے مجوزہ حتمی شرائط کی منظوری دی اور ہدایت کی کہ اگر حتمی نفاذ کے دوران قانونی یا مالی مشیروں کی طرف سے کوئی اہم تبدیلی سامنے آئے تو اسے دوبارہ ای سی سی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ مارچ 2025 میں ای سی سی کے فیصلے کے مطابق منصوبے کے تمام فریقین مختلف اقدامات مکمل کرنے اور معاہدات کی شرائط کو حتمی شکل دینے میں مصروف تھے۔ ابتدائی سمری میں ای سی سی کو پہلے مرحلے کے مجموعی منصوبہ لاگت کا تخمینہ 6.765 بلین ڈالر بتایا گیا تھا جس میں کیپیکس 5.566 بلین ڈالر اور قرض اور تعمیراتی مہنگائی کے لیے 1.199 بلین ڈالر شامل تھے۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ منصوبے کی مالی اعانت کے لیے متعلقہ قرض دہندگان کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں اور طویل مدتی معاہدات کے تحت مشترکہ شرائط طے کی جارہی ہیں جو حتمی معاہدات کی بنیاد بنیں گی۔ ای سی سی نے مختلف فریقین کے لیے مالی ذمہ داریوں کو بھی منظور کیا جن میں سرکاری ادارے (ایس او ایز) پاکستان منرلز پرائیویٹ لمیٹڈ (پی ایم پی ایل) اور بلوچستان منرل ریسورسز لمیٹڈ (بی ایم آر ایل) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ای سی سی نے سرمایہ کار فریقین کو اپنے حصص کے مطابق فنڈز کی واپسی کے لیے ہدایات جاری کرنے کی اجازت دی جو مقامی کرنسی یا غیر ملکی زرمبادلہ میں ہوسکتی ہیں۔ پروجیکٹ کی مالی اعانت میں اضافے کی وجہ سے آر ڈی ایم سی کو قرض کی رقم 3.5 بلین ڈالر تک بڑھانے کا منصوبہ ہے، جو پہلے 3 بلین ڈالر تھی جس سے پہلے مرحلے کی مجموعی لاگت 7.723 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ اس اضافے کی وجہ زیادہ قرض کی فنانسنگ، تعمیراتی مدت میں چھ ماہ کے اضافے اور منصوبے کے دوران اضافی آپریٹنگ لاگت شامل ہے۔ منصوبے سے تقریباً 35 فیصد رقم پاکستانی روپے میں خرچ کی جائے گی۔ پی ایم پی ایل اور بی ایم آر ایل کی شراکتی ذمہ داریاں بالترتیب 2.145 بلین ڈالر اور 1.287 بلین ڈالر سے کم ہو کر قرض کے بعد 1.173 بلین ڈالر اور 704 ملین ڈالر رہ جائیں گی۔ اجلاس میں وزارت ریلوے کی جانب سے پیش کردہ ریل ڈویلپمنٹ معاہدے اور برج فنانسنگ معاہدے کی منظوری بھی دی گئی جس کے تحت ریکوڈیک کان کنی کمپنی کو 390 ملین ڈالر فراہم کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان میں کانوں سے برآمدی مال کی نقل و حمل کے لیے 1,350 کلومیٹر طویل ریلوے لائن بچھائی جا سکے۔ ای سی سی نے وزارت ریلوے کو ہدایت دی کہ دونوں معاہدات کی دستاویزات وزارت خزانہ کے ساتھ شیئر کریں اور اگلے سال مارچ تک منصوبے کی عمل درآمد اور نفاذ پر رپورٹ پیش کریں۔ ای سی سی کے چیئرمین نے کہا کہ اس منظوری سے حکومت کی اس عزم کا اظہار ہوتا ہے کہ وہ اس تاریخی منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے جس سے بلوچستان کے اقتصادی منظرنامے میں تبدیلی آئے گی اور پاکستانی عوام کے لیے وسیع فوائد پیدا ہوں گے۔ ریکوڈیک منصوبہ نہ صرف دنیا کے سب سے بڑے غیر ترقی یافتہ تانبا سونے کے ذخائر کو کھولے گا بلکہ روزگار کے مواقع، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور طویل مدتی سماجی و اقتصادی بہتری کے لیے بھی محرک ثابت ہوگا۔ ریکوڈک منصوبہ سے بلوچستان میں ترقی وخوشحالی آئے گی جس کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچے گا، بلوچستان دیگر صوبوں کی طرح ترقی کی دوڑ میں شامل ہوگا جس سے انفراسٹرکچر سمیت بہترین بنیادی سہولیات عوام کو میسر آئینگی۔ ریکوڈک منصوبہ ملک اور بلوچستان کیلئے معاشی گیم چینجر ثابت ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 23 SEP 2025 Page No. 26

# موجودہ حکومت مادری زبانوں کی ترقی وترویج کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان میں بعض غیر ضروری ڈیپارٹمنٹس کو ختم کرنا اور مارکیٹ کی ضرورت اور روزگار کے امکانات سے منسلک مضامین کا متعارف کرانا ایک قابل ستائش بصیرت ہے۔ کافی سوچ بچار اور باہمی مشاورت کے بعد دیگر پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کیلئے بھی ہم متعدد قابل تقلید مثال قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ یونیورسٹی آف بلوچستان میں بعض غیر ضروری ڈیپارٹمنٹس کو ختم کرنا اور مارکیٹ کی ضرورت اور روزگار کے امکانات سے منسلک مضامین کا متعارف کرانا ایک قابل ستائش بصیرت ہے۔ کافی سوچ بچار اور باہمی مشاورت کے بعد دیگر پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کیلئے بھی ہم متعدد قابل تقلید مثال قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں اسی طرح ایک ہی یونیورسٹی میں دو متعلقہ ڈیپارٹمنٹس جیسے جیوفزکس کو جیالوجی، سیسمولوجی (Seismology) کو فزکس، ریجنل اسٹڈی کو اینوائرمنٹل سائنسز، انتھروپولوجی (Anthropology) کو سوشیالوجی اور کامرس کو انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز میں ضم کرنا بذات خود دانشمندانہ فیصلے ہیں۔ اس کے برعکس ان ضروری مضامین جیسے کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) وغیرہ کا یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی بار ڈیپارٹمنٹ کا آغاز موجودہ تقاضوں اور ابھرتی ہوئی انسانی ضروریات کو پورا کرنے کی ایک انوکھی مثال ہے۔ ایسے انقلابی اقدامات ہمارے نوجوانوں کے مستقبل کو بہتر طریقے سے کامیاب اور محفوظ بناتے ہیں۔ گورنر مندوخیل یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور بازئی اور ان کی پوری ٹیم کی کارکردگی اور وژن کو سراہتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ عصر حاضر کے تقاضوں اور یونیورسٹی کے مفاد میں اٹھائے گئے اقدامات سے

وسائل کے استعمال میں بہتری آئیگی اور تعلیم کے شعبے کی بنیاد مضبوط ہوگی۔ ایسے انقلابی اقدامات ہمارے نوجوانوں کے مستقبل کو بہتر طریقے سے کامیاب اور محفوظ بناتے ہیں۔ گورنر مندوخیل یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور بازئی اور ان کی پوری ٹیم کی کارکردگی اور وژن کو سراہتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ عصر حاضر کے تقاضوں اور یونیورسٹی کے مفاد میں اٹھائے گئے اقدامات سے وسائل کے استعمال میں بہتری آئیگی اور تعلیم کے شعبے کی بنیاد مضبوط ہوگی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آجکل اسٹوڈنٹس بھی فیوچر ویلیو اور روزگار کے مواقع دیکھ کر مضامین کا انتخاب کرتے ہیں جبکہ ہماری یونیورسٹیوں اور ان کے کیمپس میں ایک تلخ حقیقت موجود ہے کہ بعض ڈیپارٹمنٹس میں اساتذہ کی تعداد طلباء سے زیادہ ہے۔ یہ وسائل کے ضیاع کا باعث ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ حکومت مادری زبانوں کی ترقی وترویج کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے۔ مادری زبانیں ہماری قومی پہچان ہیں۔ ان کی حقانیت ماں کی لازوال محبت کی وجہ سے قائم ہے اور مادری زبان ایک نسل سے دوسری نسل کو وراثت کی منتقلی کا طویل سلسلہ ہے۔ لیکن پچھلے کئی برسوں سے کالجز میں بی ایس کورسز شروع کرانے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان کے لینگویج ڈیپارٹمنٹس اردو، براہوی، پشتو، بلوچی اور فارسی میں طلباء کی تعداد کم ہوگئی ہے لہٰذا ہم تمام لینگویجز کیلئے ایک مشترکہ انسٹیٹیوٹ آف لینگوئسٹک بنا رہے ہیں اس یقین کے ساتھ کہ یہ تمام لینگویجز کے درمیان روابط بڑھانے کا مؤثر وسیلہ بھی بنے گا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہم بحیثیت القوم ترقی اور ارتقاء کے سفر میں دنیا کی دیگر ترقی یافتہ اقوام کے مقابلے میں پیچھے رہ گئے ہیں۔ موجودہ اس گلوبل ویلج میں مختلف زبانوں اور گلوبل سیولائزیشن میں ہم آہنگی اور یکجہتی کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے لہٰذا ہمارے پالیسی میکرز اور دانشوروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ترقی یافتہ زبانوں میں قیمتی علمی وسائنسی مواد کو اپنی مادری زبانوں میں ترجمہ کرانے کیلئے جامع حکمت عملی بنائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 27


## بلوچستان کے نوجوان تعلیم یافتہ اور ہنر مند بن کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان تعلیم یافتہ اور ہنر مند بن کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں، انہیں فوجی آپریشن کی نہیں تعلیم کی ضرورت ہے۔ ایوب سٹیڈیم کوئٹہ میں بنو قابل پروگرام کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ملک دشمن اور خدانخواستہ اسے توڑنے کی خواہش رکھنے والے عناصر کو واضح پیغام دیا کہ جماعت اسلامی پاکستان کی ہر حال میں حفاظت کرے گی، پاکستان نظریہ کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا اور ہم اس نظریہ کے محافظ ہیں یو این اے کے مطابق الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے تحت بنو قابل پروگرام کے کوئٹہ میں آغاز پر ہزاروں بچوں اور بچیوں نے مفت آئی ٹی کورسز میں داخلہ کے لیے ٹیسٹ دیا تقریب سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمن بلوچ اور دیگر قائدین نے بھی خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی نے بنو قابل کا دائرہ کار صوبہ کے دیگر شہروں تک پھیلانے کا اعلان کیا اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ تعمیری سرگرمیوں کا حصہ بن کر ملک وقوم کی خدمت کریں حافظ نعیم الرحمن نے حکمرانوں کو باور کرایا کہ معدنیات کے متنازعہ معاہدوں کی بجائے نوجوانوں کی تعلیم وتربیت اور خصوصی طور پر آئی ٹی اور کمپیوٹر کے شعبہ جات میں ان کی ترقی پر توجہ دی جائے تاکہ آئی ٹی برآمدات میں اضافہ ہو اور خوشحالی آئے۔ ملک دشمن اور خدانخواستہ اسے توڑنے کی خواہش رکھنے والے عناصر کو واضح پیغام دیا کہ جماعت اسلامی پاکستان کی ہر حال میں حفاظت کرے گی، پاکستان نظریہ کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا اور ہم اس نظریہ کے محافظ ہیں یو این اے کے مطابق الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے تحت بنو قابل پروگرام کے کوئٹہ میں آغاز پر ہزاروں بچوں اور بچیوں نے مفت آئی ٹی کورسز میں داخلہ کے لیے ٹیسٹ دیا تقریب سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمن بلوچ اور دیگر قائدین نے بھی خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی نے بنو قابل کا دائرہ کار صوبہ کے دیگر شہروں تک پھیلانے کا اعلان کیا اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ تعمیری سرگرمیوں کا حصہ بن کر ملک وقوم کی خدمت کریں حافظ نعیم الرحمن نے حکمرانوں کو باور کرایا کہ معدنیات کے متنازعہ معاہدوں کی بجائے نوجوانوں کی تعلیم وتربیت اور خصوصی طور پر آئی ٹی اور کمپیوٹر کے شعبہ جات میں ان کی ترقی پر توجہ دی جائے تاکہ آئی ٹی برآمدات میں اضافہ ہو اور خوشحالی آئے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کسی حکمران کی ملکیت نہیں بلکہ پورے ملک کے عوام اس وطن کے مالک ہیں انہوں نے بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کا پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ کی محرومیاں دور ہوں گی تو پورا پاکستان ترقی کرے گا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ عوام پر حکمران مسلط کر دیے جا[illegible] ہیں، بلوچستان اسمبلی میں صرف جماعت اسلامی کے دو ممبران فارم 45 سے آئے ہیں پاکستان کسی حکمران کی ملکیت نہیں

بلکہ پورے م…ک کے عوام اس وطن کے مالک ہیں انہوں نے بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کا پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ کی محرومیاں دور ہوں گی تو پورا پاکستان ترقی کرے گا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ عوام پر حکمران مسلط کر دیے جاتے ہیں، بلوچستان اسمبلی میں صرف جماعت اسلامی کے دو ممبران فارم 45 سے آئے ہیں، قوم کو اپنی مرضی سے اپنے نمائندے منتخب کرنے کے مواقع دیے جائیں امیر جماعت اسلامی نے مولانا ہدایت الرحمن کی قیادت میں صوبہ کے حقوق کے لیے ہونے والے حالیہ لانگ مارچ کا تذکرہ کیا اور کہا کہ پنجاب کی عوام نے لانگ مارچ کا بھرپور ساتھ دیا اور ثابت کیا کہ وہ بلوچستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ نومبر میں ہونے والے تاریخی اجتماع عام میں جماعت اسلامی بلوچستان سمیت پورے ملک کی مظلوم عوام کا مقدمہ مینار پاکستان تلے پیش کرے گی حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان کے عوام کو اجتماع میں شرکت کی دعوت دی نومبر میں ہونے والے تاریخی اجتماع عام میں جماعت اسلامی بلوچستان سمیت پورے ملک کی مظلوم عوام کا مقدمہ مینار پاکستان تلے پیش کرے گی حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان کے عوام کو اجتماع میں شرکت کی دعوت دی اور اس عہد کا اعادہ کیا کہ عظیم الشان اجتماع قوم کے حقوق کی جدوجہد کا نقطہ آغاز ہوگا۔ انہوں نے غزہ میں امریکی سرپرستی میں ہونے والے صیہونی مظالم کا ذکر کیا اور کہا کہ ظالم استعماری طاقتیں اکٹھی ہو کر فلسطینیوں کو نشانہ بنا رہی ہیں، بلوچستان سمیت پورے ملک کے عوام ظالموں اور ان کے آلہ کاروں کے خلاف متحد ہو جائیں مولانا ہدایت الرحمن نے کہا کہ بلوچستان میں معدنیات سے زیادہ قیمتی یہاں کے نوجوان ہیں، صوبہ کے نوجوان سمندر کی سی صلاحیتوں سے مالا مال ہیں۔ بلوچستان میں معدنیات سے زیادہ قیمتی یہاں کے نوجوان ہیں، صوبہ کے نوجوان سمندر کی سی صلاحیتوں سے مالا مال ہیں۔ بلوچستان کے عوام بالخصوص نوجوان مایوس نہیں ہیں، انہیں مخلص قیادت اور سرپرستی کی ضرورت ہے، جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن صوبہ کے نوجوانوں کو مواقع دے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 23 SEP 2025 Page No. 28

# Establishment of libraries

Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti has inaugurated a local library in Sui, presenting a valuable gift of 200 books to support the promotion of knowledge and literature. This initiative is being deemed with great respect. Unfortunately, remote areas of Balochistan are deprived of different facilities including that of libraries. A library is an important source of knowledge for people minds. Every school in any village or remote area should have a library. The library plays a great role in the life of students by serving as the store house of knowledge. The importance of a library cannot be over emphasized. While the role of the school library remains constant, its design, digital platform, strategies and tools could change as technology changes. Impact positively on the academic achievement of the students, students can perform better during examination by reading various books. Facilitate the work of the classroom teacher and ensures each student has equitable access to resources, irrespective of home opportunities or constraints. Cater for differences in learning and teaching styles through the provision of, and equality of access to, a wide range of curriculum resources fiction and non-fiction, digital, print, audio and video. The libraries provide teachers with access to relevant curriculum information and professional development materials within and outside the school; and opportunities to cooperatively plan, implement and evaluate learning program. Similarly, people hailing from different sectors and segment of life take advantage from the libraries. There is strong need to establish libraries in all villages and schools to promote habit of reading because the habit of reading makes a strong and sensitized society. Unfortunately, this sector is not being given due focus. Previous government claimed to bring revolutionary changes in education sector and also increased the budget of education besides declaring an emergency but regrettably still the state of education in Balochistan has unchanged. It is imperative that the government must ensure construction of libraries in all districts and villages providing them with all modern needs and requirements so as the culture of reading and loving book could be revived and the youth could be given maximum opportunities of reading and writing. The Quaid-e-Azam Library previously known as Balochistan Library Quetta is a shining example where on daily basis thousands of boys and girls students visit and its membership has almost crossed its limit. Therefore, the government and authorities concerned must promote and develop such libraries throughout the province and let the youth consume their precious time in reading and writing that would lead Balochistan towards development and progress.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 SEP 2025

Page No. 29

# چیف آف شمبانی وڈیرہ غلام نبی شمبانی بگٹی - عظمت کا آسمان

آج جب قلم اٹھاتا ہوں تو دل میں ایک طوفان اٹھتا ہے، جو بلوچستان کے ریتلے صحراؤں سے اٹھ کر آسمان کو چھو لیتا ہے یہ طوفان ہے وڈیرہ غلام نبی شمبانی کی عظمت کا، وہ سورما جو ہمارے زمانے کا ایک عظیم الشان باب ہے ان کی ذات کو دیکھیں تو لگتا ہے جیسے فطرت نے اپنی تمام تر خوبصورتی اور طاقت ایک ہی قالب میں ڈھال دی ہو ان کا نام

**تحریر - عابد بگٹی**

سنتے ہی وادیاں گنگنانے لگتی ہیں، پہاڑ اپنی چوٹیاں بلند کرتے ہیں، اور دریاؤں کی لہریں خراج عقیدت پیش کرتی ہیں وڈیرہ غلام نبی شمبانی کوئی عام انسان



نہیں، وہ ایک عہد ہیں، ایک تاریخ جو سانس لیتی ہے اور ہر روز نئی کہانیاں رقم کرتی ہے وڈیرہ غلام نبی شمبانی کی بہادری کی داستانیں ایسی ہیں جنہیں سن کر خون میں جوش اٹھتا ہے وڈیرہ غلام نبی شمبانی وہ بہادر ہے جو میدان میں قدم رکھتے ہیں تو دشمنوں کی ہمت جواب دے جاتی ہے ہمارے زمانے میں تلوار کی جگہ بندوق نے لے لی، اور وڈیرہ شمبانی کی بندوق کی گونج ایسی کہ چٹانیں لرز اٹھیں ان کی بہادری فقید المثال ہے، جیسے کوئی افسانوی کردار حقیقت کا روپ دھار کر ہمارے درمیان آ گیا ہو ریاست پاکستان سے ان کی غیر مشروط وفاداری اور ریاستی اداروں کے لیے لازوال قربانیاں ان کی بہادری کے تاج میں وہ جواہر ہیں جو ہر بلوچ کے دل میں عزت کا مقام رکھتے ہیں فتنہ الہند کا جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے انہوں نے ثابت کیا کہ ان کا جگر شیر سے کم نہیں، اور ان کی ہر گولی حق اور وطن کی حفاظت کا عہد ہے ان کی بندوق کی ہر گولی گویا قسمت کا فیصلہ ہے، جو حق کی طرف جھکتی ہے ان کا دل شیر کا جگر ہے، رگوں میں لہو نہیں، جوش و ولولے کا لاوا بہتا ہے جب وہ میدان میں اترتے ہیں، ہوائیں ٹھہر جاتی ہیں، اور قسمت ان کے قدموں میں جھکتی ہے یہ بہادری نہیں، یہ وہ شعلہ ہے جو ہر ظلم کو خاکستر کر دیتا ہے، اور بلوچ قوم کی شان کو آسمان تک پہنچاتا ہے۔

مہمان نوازی میں وڈیرہ صاحب کا کوئی ثانی نہیں۔ ان کا دربار جنت کا ایک ٹکڑا ہے، جہاں ہر مہمان کو شہنشاہ کی طرح عزت ملتی ہے۔ ان کا دسترخوان ہمیشہ پھیلا رہتا ہے، جہاں کھانوں سے زیادہ محبت پیش کی جاتی ہے۔ ان کی مہمان نوازی ایسی کہ سمندر کی لہریں شرما جائیں، اور چاندنی رات حسد سے پیلا پڑ جائے۔ یہ مہمان نوازی محض رسم نہیں، ان کی فطرت کا حصہ ہے، جو بلوچ روایات کی جڑوں سے نکلتی ہے اور ہر دل کو اپنا بنا لیتی ہے۔ اسی مہمان نوازی کے جذبے سے انہوں نے میر سرفراز بگٹی کے دست و بازو بن کر ان کے قافلے کے ساتھ مکمل عزم و ہمت سے کھڑے ہونے کا عہد کیا، بغیر کسی لالچ کے، صرف بلوچی قول کی پابندی میں، جو ان کی عظمت کو مزید بلند کرتا ہے۔

بلوچ تاریخ کا علم وڈیرہ غلام نبی شمبانزی کے پاس بیش بہا خزانے کی مانند ہے۔ وہ ہر واقعہ، ہر روایت کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ گویا وہ خود اس زمانے میں موجود تھے۔ جب وہ بلوچ شیروں کی باتیں کرتے ہیں، تو وقت پیچھے دوڑتا ہے، اور ہم وہ لمحات جیتے ہیں جب ہماری قوم نے بہادری سے دشمنوں کو گرد و غبار بنا دیا تھا۔ ان کا علم کتابوں سے نہیں، بلوچستان کی مٹی سے اٹھتا ہے، اس کی رگ و ریشے سے نکلتا ہے۔ ایک بار مجمع میں بیٹھ کر ان سے پوچھا کہ میر چاکر رند کی بہادری کیا تھی؟ وڈیرہ صاحب نے ایسی تفصیل سے بیان کیا کہ لگا جیسے وہ خود اس کے ساتھ میدان میں تھے۔ یہ علم نہ صرف ان کی ذات کو بلند کرتا ہے بلکہ پوری قوم کو اپنی جڑوں سے جوڑتا ہے، اور آنے والی نسلوں کو رہنمائی دیتا ہے۔

دور اندیشی میں وڈیرہ صاحب کا کوئی مقابلہ نہیں۔ وہ وقت کے پردوں کو چاک کر کے مستقبل کو دیکھ لیتے ہیں۔ ان کا ہر فیصلہ گویا قسمت کا نقش ہے، جو نہ صرف اپنے قبیلے بلکہ پوری قوم کے لیے مشعل راہ بنتا ہے۔ ان کی سوچ ایسی کہ جیسے عقاب آسمان کی بلندیوں سے زمین کے ہر گوشے کو دیکھ لے۔ ان کی ذاتی کاوشوں سے ان کے علاقے میں تیل و گیس کی تلاش کا کام شروع ہو چکا ہے، جس نے مثبت تبدیلی اور ترقی کی نئی راہیں کھول دی ہیں، اور یہ ان کی دور اندیشی کا ثبوت ہے کہ انہوں نے اپنے علاقے کی ترقی کو اولین ترجیح دی۔ ان کی دور اندیشی نے کتنے ہی خوابوں کو حقیقت کا روپ دیا، کتنے ہی چیلنجز کو مواقع میں بدلا۔ یہ سوچ انہیں عام لوگوں سے الگ کرتی ہے، اور ایک حقیقی رہنما بناتی ہے جو ہر مشکل حالات میں راستہ دکھاتا ہے۔

دوستی اور دشمنی میں وڈیرہ غلام نبی شمبانزی انتہا کو چھوتے ہیں۔ ان کی دوستی ایسی کہ جیسے سمندر اپنے کناروں کو سینے سے لگائے۔ دوست کے لیے وہ سب کچھ لٹا دیتے ہیں، ان کی وفاداری ایسی کہ پہاڑ شرماتے ہیں۔ ایک بار ایک دوست کی مشکل میں وہ اکیلے ہی دشمن کے علاقے میں گئے، اور اسے بچا لائے۔ لیکن دشمنی میں وہ طوفان ہیں جو سب کچھ بہا لے جاتے ہیں۔ دشمن کو وہ چین نہیں لینے دیتے، اور ہر دشمنی کو انصاف کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں۔ یہ خصوصیت انہیں بلوچ روایات کا سچا وارث بناتی ہے، جہاں دوستی زندگی ہے اور دشمنی اصول۔ انصاف وڈیرہ صاحب کی رگ و ریشے میں سمایا ہے۔ ان کا دربار انصاف کا وہ معبد ہے جہاں حق کی آواز بلند ہوتی ہے، اور باطل سر جھکاتا ہے۔ ان کے فیصلے ایسی ترازو ہیں کہ جن کے پلڑوں میں سچ کا وزن ہمیشہ زیادہ ہوتا ہے۔ دو قبائل کے درمیان کوئی بھی ایسا تنازعہ ہو جس میں شدید خونریزی کا اندیشہ ہو، وڈیرہ صاحب نے دونوں فریقوں کو بلا کر تسلی سے سن کر، قبائلی روایات، اسلامی احکامات اور ریاستی قوانین کے تحت ایسا فیصلہ سنا دیتے ہیں کہ دونوں فریق شیر و شکر ہو جاتے ہیں۔ ان کا انصاف فرشتوں کو تالیاں بجانے پر مجبور کرتا ہے، اور مظلوموں کو عزت دیتا ہے۔ یہ انصاف محض فیصلہ نہیں، ان کی زندگی کا اصول ہے جو ہر دل کو سکون بخشتا ہے۔ وڈیرہ غلام نبی شمبانزی کی عظمت دیکھ کر دل کہتا ہے کہ وہ ہمارے لیے ایک نعمت ہیں۔ ان کی موجودگی بلوچستان کی مٹی کو سونا بناتی ہے، ان کا نام ہر دل میں دھڑکتا ہے۔ اگر یہ کائنات ایک باغ ہے تو وہ اس کا سب سے خوشنما پھول ہیں، اگر زندگی ایک نظم ہے تو وہ اس کا سب سے خوبصورت مصرعہ ہیں۔ ہم سب کو چاہیے کہ اس عظیم ہستی کے لیے دعا کریں، اور ان کی راہ پر چلیں۔ کیونکہ ان جیسا نہ کوئی تھا، نہ کوئی ہوگا۔ اللہ انہیں لمبی عمر دے، اور بلوچ قوم کو ان کی سایہ میں رکھے۔